URDU LUGHAAT KI TAUZIHI FARHANG

Dissertation submitted to the Jawaharlal Nehru University in partial fulfilment of the requirements for the award of the Degree of

MASTER OF PHILOSOPHY

by

SUHAIL MIAN

Supervisor

Prof. NASEER AHMAD KHAN

Centre for Indian languages
School of Languages
Jawaharlal Nehru University
New Delhi - 110 067

1998

जवाहरलाल नेहरु विश्वविद्यालय
JAWAHARLAL NEHRU UNIVERSITY
NEW DELHI - 110067

Dated:
13-7-98

CENTRE OF INDIAN LANGUAGES
SCHOOL OF LANGUAGE LITERATURE & CULTURE STUDIES

CERTIFICATE

Certified that the material in this dissertation entitled **"URDU LUGHAAT KI TAUZIHI FARHANG"** submitted by **SUHAIL MIAN** has not been previously submitted for any other degree of this or any other University.

NASEER A. KHAN 13/7/98
SUPERVISOR
CIL SL JNU

MANAGER PANDEY
CHAIRPERSON
CIL SL JNU

اردو لغات کی توضیحی فرہنگ

مقالہ برائے ایم فل

انشا
سہیل میاں

نگراں
پروفیسر نصیر احمد خاں

ہندوستانی زبانوں کا مرکز
جواہر لال نہرو یونیورسٹی نئی دہلی ۶۷

۱۹۹۸ء

فہرست

پیش لفظ 1

مقدمہ ۵

توضیحی فرہنگ:

۱۔ اردو سے اردو کی لغات 19

۲۔ اردو سے فارسی و فارسی سے اردو ۷۱

۳۔ اردو سے عربی و عربی سے اردو ۸۸

۴۔ اردو سے انگریزی و انگریزی سے اردو ۹۸

۵۔ اردو سے ہندی و ہندی سے اردو ۱۱۳

۶۔ اردو اور ہندوستان و پاکستان کی صوبائی و علاقائی زبانوں کی لغات ۱۱۸

۷۔ اردو اور دیگر یورپین زبانوں کی لغات ۱۲۵

۸۔ فرہنگیں ۱۲۸

9۔ لغات کی زمانی ترتیب ۱۴۱

کتابیات ۱۷9

پیش لفظ

کسی بھی زبان میں علمی، ادبی اور تحقیقی کام کرنے والوں کے لیے اس زبان کی مطبوعہ کتب کی وضاحتی فہرستیں ایک خاص اہمیت کی حامل ہوتی ہیں جن کا کتبِ حوالہ (REFERENCE BOOKS) میں خاص مقام ہوتا ہے۔ یہ کئی قسم کی ہو سکتی ہیں مثلاً: مطبوعات کی وضاحتی فہرستیں، مخطوطات کی وضاحتی فہرستیں، مشاہیر کی وضاحتی فہرستیں اور مختلف علوم وغیرہ کی وضاحتی فہرستیں۔ ان سے نہ صرف زبان کے موجودہ سرمایے پر روشنی پڑتی ہے بلکہ طلباء اور محققین کو اپنی ضرورت کی کتاب کا انتخاب کرنے میں بڑی آسانی ہو جاتی ہے اور اس کا کافی وقت مطلوبہ کتاب کی تلاش و جستجو میں صرف ہونے سے بچ جاتا ہے۔

اردو میں سب سے پہلے محمد سجاد مرزا بیگ نے "الفہرست" کے نام سے اس طرح کی کتاب ترتیب دی تھی جو نظام دکن پریس حیدرآباد سے ۱۹۲۳ء میں شائع ہوئی۔ انھوں نے یہ کام بہت پہلے شبلی کے مشورے سے شروع کیا تھا[1]۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق کو بھی اس کام کی اہمیت کا احساس تھا چنانچہ انھوں نے کراچی جانے کے بعد اردو کی کل مطبوعہ کتب کی فہرست بنانے کا کام شروع کیا تھا جس کی پہلی جلد "قاموس الکتب" کے نام سے انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی سے ۱۹۶۱ء میں شائع ہوئی تھی۔ اس میں صرف مذہبیات سے متعلق کتابوں کی تفصیل تھی۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی قابلِ لحاظ کام انجام دیے گئے مثلاً امتیاز علی خاں عرشی نے رضا لائبریری میں موجود جملہ مخطوطات کی اور عابد رضا بیدار نے خدابخش لائبریری پٹنہ، بہار کی کل کتابوں کی فہرستیں ترتیب دیں جن کی چند جلدیں شائع بھی ہوئیں۔ محی الدین قادری زور کی "تذکرۂ مخطوطات" پانچ جلدوں

---

[1] پیش لفظ وضاحتی کتابیات از گوپی چند نارنگ و مظفر حنفی ۱۹۷۶ء

میں ہے۔ پروفیسر گوپی چند نارنگ اور پروفیسر مظفر حنفی کی وضاحتی کتابیات جلد اوّل ۱۹۷۶ء میں ۱۹۷۵ء تا ۱۹۷۶ء جملہ مطبوعات کو صفحۂ قرطاس پر محفوظ کر لیا گیا ہے جس کی اب تک تین جلدیں شائع ہو چکی ہیں اس کے علاوہ دورِ حاضر میں اردو کے مختلف ادبی اور نیم ادبی رسائل کی اشاریہ سازی کا کام بھی بحسن و خوبی انجام دیا جا رہا ہے۔

چونکہ راقم الحروف کو بھی اس طرح کے کاموں کی اہمیت کا اندازہ اور ضرورت کا احساس ہوا لہٰذا ایم۔فل کے مقالے کے لیے اس موضوع کا انتخاب کیا جس کے تحت اردو زبان کی حتی الامکان مطبوعہ لغات کا پتہ لگا کر ضروری حوالوں کے ساتھ مقالے میں درج کیا گیا ہے۔

اس قبیل کی ایک کتاب "کتابیاتِ لغاتِ اردو" مولفہ ڈاکٹر ابو سلمان شاہجہانپوری، مقتدرہ قومی زبان اسلام آباد، پاکستان سے ۱۹۸۶ء میں شائع ہوئی تھی جس میں پاکستان کے کتب خانوں اور لائبریریوں میں موجود اردو لغات کو مع مختصر حوالوں کے درج کیا گیا ہے جس میں کئی اہم لغات کے بابت معلومات ادھوری ہیں مثلاً "تہذیب اللغات" از تہذیب لکھنوی کی صرف تین جلدوں کا مختصر حوالہ ملتا ہے جبکہ یہ چودہ [۱۴] جلدوں پر مشتمل ایک مبسوط اور مکمل لغت ہے جس کی سبھی جلدیں (۱۹۵۸ء تا ۱۹۸۹ء) شائع ہو چکی ہیں اور رضا لائبریری رامپور میں موجود ہیں۔ اسی طرح "اردو لغت۔ (تاریخی اصول پر)" جسے اردو ڈکشنری بورڈ کراچی، پاکستان نے ۱۹۷۷ء سے شائع کرنا شروع کیا تھا، اس کی محض پانچ جلدوں کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اب تک اس کی سبھی بیس [۲۰] جلدیں شائع ہوکر منظرِ عام پر آ چکی ہیں اور صولت پبلک لائبریری، رام پور میں موجود ہیں۔

مقالے کی تکمیل کے لیے مختلف کتب خانوں اور لائبریریوں میں ایک ایک کتاب کو دیکھ کر حوالہ درج کیا ہے اور اس طرح کہ ترتیبِ اندراج میں پہلے لغت کا نام (حروفِ تہجی سے) پھر مؤلف کا نام، سنِ اشاعت،

ناشر کا نام و پتہ، مطبع کا نام و پتہ، صفحات کی تعداد، سائز، قیمت اور مخزونہ (یعنی وہ کتاب کس لائبریری میں کس نمبر پر موجود ہے) وغیرہ کی تفصیل آگئی ہے۔ اس کے بعد لغت کی کیفیت اور اس کے دیگر ایڈیشنوں کے متعلق جو بھی معلومات فراہم ہو سکی ہے درج کی گئی ہے۔

مقالے میں اردو سے اردو لغات کے علاوہ اردو سے فارسی و فارسی سے اردو، اردو سے عربی و عربی سے اردو، اردو سے انگریزی و انگریزی سے اردو، اردو سے ہندی و ہندی سے اردو، اردو اور ہندوستان و پاکستان کی صوبائی و علاقائی زبانوں کی لغات، اردو اور دیگر یورپین زبانوں کی لغات اور اردو زبان میں مستعمل محاورات و اصطلاحات کی فرہنگوں نیز مشہور شعراء کے کلام میں مستعمل الفاظ و محاورات کی فرہنگوں کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ آخر میں جمع حاصل شدہ لغات کی ان کی زمانی ترتیب کے لحاظ سے ایک فہرست بنا دی گئی ہے جس میں ہر لغت کے لیے پانچ خانے مخصوص کیے ہیں پہلے میں شمار نمبر، دوسرے میں سن اشاعت، تیسرے میں لغت کا نام، چوتھے میں مؤلف کا نام اور پانچویں خانے میں مقالے کا صفحہ نمبر جہاں اس لغت کی تفصیل درج ہے، رکھا گیا ہے۔

اگر کسی لغت کے پہلے ایڈیشن تک راقم کی رسائی نہیں ہو سکی ہے تو حاصل شدہ ایڈیشن کی نشان دہی کر دی گئی ہے۔ "کتابیات لغات اردو" میں مندرج ایسی لغات کو بھی جن تک راقم السطور کی رسائی نہیں ہو سکی مقالے میں شامل کر لیا گیا ہے اور ان پر کتابیات کا حوالہ (ک-ل-ا) اور صفحہ نمبر ڈال دیا ہے۔

میں شکر گذار ہوں استاد محترم پروفیسر نصیر احمد خاں کا جن کی پرخلوص رہنمائی کی بدولت ہی یہ مقالہ تکمیل کو پہنچ سکا ہے۔

شفیق استاد ڈاکٹر حسن احمد نظامی اور ڈاکٹر شریف احمد قریشی کا بھی شکریہ جنھوں نے وقتاً فوقتاً اپنے گراں قدر مشوروں سے راقم کی رہنمائی کی۔

اپنے والدین اور اہلِ خانہ کا بھی بے حد ممنون ہوں جنھوں نے مالی تعاون

کے علاوہ وہ تمام آسانیاں مہیا کیں جن سے مقالہ تکمیل کو پہنچا۔

ڈاکٹر شعیب رضا وارثی، ڈاکٹر شکیل جہانگیری، رضوان صدیقی، آصف علی ظہیر رحمتی، ریحان خاں اور احمد محفوظ کا بھی شکریہ جن کے گراں قدر تجربوں سے راقم نے خوب خوب فائدہ اٹھایا ہے

ان لائبریریوں اور کتب خانوں کے جملہ اراکین بالخصوص ڈاکٹر وقارالحسن صدیقی (او۔ ایس۔ ڈی رضا لائبریری، رام پور) کا شکریہ ادا کرنا اپنا فرض میں سمجھتا ہوں جنھوں نے کتابوں کی تلاش و تحقیق میں آسانی عطا کی

آخر میں چند باتوں کی وضاحت کر دینا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ مقالہ ایم۔فل کے پیش نظر بہت مختصر وقت میں تیار کیا گیا ہے اس لیے ممکن ہے کہ ملک کے بعض گوشوں میں کچھ اور لغات پردۂ گمنامی میں چھپی ہوں میں نے دہلی اور رام پور کی لائبریریوں سے استفادہ کیا ہے۔ تا بہ حد امکان دوسرے بڑے کتب خانوں کی مطبوعہ فہرستوں پر نظر ڈالنے سے بھی یہ اندازہ ہوا کہ بیشتر لغات میری فہرست میں پہلے ہی شامل ہیں۔ تاہم یہ دعویٰ نہیں کیا جا سکتا کہ تمام نوعیتوں کی لغات کی یہ فہرست مکمل ہے اور اس میں اضافے کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

خاکسار
سہیل میاں
۲۰۴ کاویری، ہوسٹل
جواہر لال نہرو یونیورسٹی
نئی ۔ دہلی ۔ ۶۷

مقدمہ

لغت کی تعریف: لغت انگریزی کے لفظ ڈکشنری (Dictionary) کا ہم معنی ہے۔ انگریزی میں ڈکشنری لاطینی زبان کے ڈکٹو (Dicto) سے آیا ہے جس کے معنی ہیں بولنے کا عمل۔ ڈکشنریس (Dictionarius) کے معنی الفاظ کے مجموعے کے ہوتے ہیں۔ اصطلاحی معنی میں لغت یا ڈکشنری کسی زبان میں مستعمل الفاظ کے بامعنی مجموعے کا نام ہے جس میں اندراجات کے املے، تلفظ، لسانی ماخذ، زمانی تغیر اور دستوری حیثیت مثلاً تذکیر و تانیث واحد۔ جمع، اسم، فعل، صفت وغیرہ کا تعین کرنے کے بعد ان کے معنی و استعمال کے مختلف طریقے درج کیے جاتے ہیں

انسائکلوپیڈیا برٹینیکا میں لغت کی تعریف اس طرح درج کی گئی ہے:

"لغت ایک ایسی کتاب حوالہ ہے جس میں الفاظ رواجاً حروفِ تہجی کے لحاظ سے مندرج ہوتے ہیں جن کے آگے ان الفاظ کے تلفظ قواعد کی شکلیں اور مستعملات..... مخصوص صفات، مختلف املے، مروج مخففات، مترادف اور متضاد الفاظ توضیحی حوالے اور کبھی کبھی بطور سند پیش کیے گئے حوالوں کے ساتھ تاریخ یا زمانہ بھی ہوتا ہے جس سے اس لفظ کا قدیم محل استعمال بھی ظاہر ہو جائے"[1]

اس طرح ایک معیاری لغت مندرجہ ذیل خصوصیات پر مشتمل ہو سکتی ہے

۱۔ الفاظ کا امکانی حد تک صحیح املا

۲۔ صحیح قرأت اور ادائیگیٔ تلفظ کے لیے کلمے کے ہر جزو پر اعراب

---

1. The New Encyclopaedia Britannica, VOL IV P-77-78

۳۔ الفاظ کی اصل یعنی ان کے ماخذ لسانی کی طرف اشارہ

۴۔ قواعد کی رو سے الفاظ کی نوعیت مثلاً اسم فعل وغیرہ نیز تذکیر و تانیث کا تعین

۵۔ حسبِ موقع عامیانہ و سوقیانہ الفاظ کی نشاندہی

۶۔ مختلف معانی کا تعین

۷۔ درست ترین اور سب سے زیادہ مستعمل معنی کی نشاندہی

۸۔ سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے بننے والے مزید الفاظ کی نشاندہی

۹۔ مندرج الفاظ سے بننے والے محاورات اور ضرب الامثال اور ان کے معانی

۱۰۔ الفاظ کے استنادات اور حسبِ موقع تفصیلات

لغت کی اقسام

بعض لغات مترادفات اور ہم معنی الفاظ تک محدود ہوتی ہیں بعض میں الفاظ کے محض اشتقاقات پر روشنی ڈالی جاتی ہے۔ بعض لغات محاوروں کی بنیاد پر مرتب کی جاتی ہیں۔ اور بعض میں الفاظ کے استعمالات بتائے جاتے ہیں

بعض لغات محض کسی ایک صیغۂ علم سے متعلق ہوتی ہیں انہیں "فرہنگ" (Glossary) کہا جاتا ہے مثلاً نفسیاتی، سیاسی، طبی، سائنسی، فلسفیانہ یا ادبی اصطلاحات کی فرہنگ۔ بعض فرہنگیں عظیم ادیبوں یا شاعروں کی نگارشات کی تفہیم کے لیے مختص ہوتی ہیں مثلاً فرہنگ نظیر، فرہنگِ انیس، فرہنگِ اقبال وغیرہ۔

لغت نویسی کی ابتداء

لغات کی سب سے قدیم مثالیں قدیم یونانی زبان کی ان

فرہنگوں کی شکل میں محفوظ رہ گئی ہیں جن میں ہومر کی منظومات میں مشتمل مشکل الفاظ کے معانی لکھ دیے گئے ہیں مگر سب سے پہلی قابلِ لحاظ عام لغت مارکس وریس فلیک کس (MARCUS VERRIUS FLACCUS) کی وپّرلس لیکسی کان (VIPPERLES LEXIKAN) ہے جو ۲۲۰ ق م میں یونان ہی میں ترتیب دی گئی تھی ۱؎

کہا جاتا ہے ہندوستان میں لغت نویسی کا آغاز سنسکرت زبان میں ۱۰۰۰ ق م میں ہو چکا تھا جو ویدک نگھنٹوؤں کی شکل میں ادق ویدک الفاظ کا مجموعہ ہوتے تھے۔ ان میں مترادالمعنی مختلف الفاظ، مختلف المعنی الفاظ اور ہم معنی مادوں (समानार्थक धातुएँ) اور دیوتاؤں کے نام وضاحت کے ساتھ جمع کیے جاتے تھے۔ ۲؎

ابتدائی لغت نویسی کے پس پردہ کارفرما سب سے اہم مقصد یہ رہا تھا کہ مذہبی تحریروں یا کلام کو زیادہ بہتر طریقے پر زیادہ وضاحت کے ساتھ سمجھا اور سمجھایا جا سکے۔ چنانچہ یونانی اور سنسکرت زبانوں میں لغت نویسی کی ابتدا کے لیے ان کا مذہبی اور اساطیری ادب زبردست محرک ثابت ہوا

پھر یہی روایت چین میں بدھ تعلیمات سے متعلق کتابوں کی تفہیم کے لیے لغت نویسی کی ابتدا کا سبب بنی۔ کہا جاتا ہے کہ چین میں ولادتِ عیسیٰ سے ہزاروں سال قبل ہی لغات کی ترتیب و تدوین کا سلسلہ شروع ہو چکا تھا مگر چینی زبان کی سب سے پہلی لغت شووین (SHOUWEN) تقریباً ۱۰۰ء میں ترتیب دے دی جا چکی تھی ۳؎

جب عربی زبان میں الفاظ کے معانی و مفاہیم کے تعین میں اختلافِ رائے پیدا ہونے لگا اور عربی اور غیر عربی لوگ اکثر غلطیاں کرنے لگے تو سب

---

1. Lexicon Universal Encyclopaedia, Robert Collison,

۲۔ ہندی کوش وگیان کا اُدبھو اور وکاس از ڈاکٹر یوگیشور ۲۔

۳۔ دیباچہ شبد ساگر جلد اوّل صد ۱۱ (ناگری پرچارنی سبھا، کاشی)

پہلے ابو الاسود الدؤلی (وفات ۶۹ھ مطابق ۶۸۸ء) نے علم زبان (نحو) کی بنیاد ڈالی یہ علم آگے چل کر دو مختلف علوم یعنی نحو اور لغہ (لغت) میں منقسم ہو گیا لغوی (لغت نویس) کا منصب لفظوں اور کلموں کو فرہنگ میں جمع کرکے عرب زبان و کلام کی صحت کو برقرار رکھنا تھا۔ نحوی کا کام یہ طے کرنا تھا کہ لغوی کے اس جمع کردہ مواد (لغات) کو نحوی ترکیب، معنوی تجزیے اور قواعدی تدوین کے بعد کلام میں کیسے استعمال کیا جائے۔

ان دونوں علوم سے متعلق اہم کارنامے ساتویں صدی عیسوی کے اواخر میں خلیل ابن احمد (متوفی=۷۱۸ - ۷۱۹ء) کی "کتاب العین" (لُغت) اور خلیل ہی کے ایک شاگرد صیبویہ کی "کتاب النحو" کی صورت میں سامنے آئے۔ [1]

انگریزی لغت نویسی کی ابتدا "اینگلو سیکسن" عہد میں لاطینی الفاظ کی حاشیائی لغات (GLOSSARIES) کی شکل میں ہوئی۔ یہ حاشیائی لغات انجیل کے اصل ماخذات یعنی عبرانی، یونانی، لاطینی اور سریانی تک پہنچنے کی کوشش کے نتیجے میں انگریزی کی ذولسانین لغات کی بنیاد بنیں جو بعد میں نشاۃ ثانیہ نیز مذہبی اور سماجی اصلاحات کے طفیل اور یونانی علوم کی بازیافت کے طور پر باقاعدہ لغت نویسی کی شکل اختیار کر گئیں۔ البتہ پہلی برطانوی لغت جسے عالمی شہرت نصیب ہوئی دا ڈکشنری آف انگلش لینگویج (The Dictionary Of the English Language) ہے جسے سیموئیل جانسن (SAMUEL JOHNSON) نے ۱۷۵۵ء میں ترتیب دیا تھا۔ [2]

1- J.A. HAYOOD : ARABIC LEXICOGRAPHY (P_12)

2- ENCYCLOPAEDIA OF INDIAN LETERATURE (VOL-VII, URDU)

اردو میں لغت نویسی کی مختصر تاریخ

ہندوستان کے سیاسی حالات اور تہذیبی عوامل یعنی پہلے مسلمانوں کی اور پھر یوروپی اقوام کی آمد اردو لغت نویسی کی ابتدا اور ارتقاد کا سبب بنے۔ چنانچہ ایک طرف تو عربی اور فارسی لغت نویسی کی روایت نے اردو لغت نویسی کے لیے بنیاد کا کام کیا اور دوسری طرف مستشرقین (یوروپیئنوں) کی ہندوستانی لغت نویسی نے اسے جدید سائنسی اور منطقی انداز سے روشناس کرایا۔

منظوم لغات یا نصاب ناموں کی روایت

اردو میں لغت نویسی کے ابتدائی نقوش ان منظوم نصاب ناموں میں حاصل ہوتے ہیں جو طلبائے مدارس کو اولاً فارسی کے ذریعے اردو الفاظ کی تعلیم دینے اور بعد کو اردو کے ذریعے عربی۔فارسی الفاظ کی تعلیم دینے کی غرض سے تالیف کیے گئے تھے۔

اس سلسلے کی پہلی کڑی "خالق باری" کو ایک زمانے تک حضرت امیر خسرو سے منسوب کرکے ۱۳۲۵ء کی تالیف مانا جاتا رہا مگر محمود خاں شیرانی نے اسے لسانی تحقیق کی بنیاد پر، "ضیاالدین خسرو" کی تالیف مانا ہے اور ۱۶۲۲ء کی تالیف قرار دیا ہے [۱] مگر بعض مورخین ادب کے نزدیک

"خالق باری ایک ایسی کتاب ہے جسے صدیوں کی دھوپ چھاؤں نے اضافوں اور ملحقات سے اس کی شکل ہی بدل کر رکھ دی ہے اور پروفیسر شیرانی جیسے فاضل اجل کو یہ شبہ پیدا ہوا کہ یہ امیر خسرو کی

---

[۱] مقدمہ حفظ اللسان معروف بہ خالق باری، انجمن ترقی اردو نئی دہلی سنہ ۱۹۴۴ء

تصنیف نہیں ہے۔" [1]

پھر اس روایت کی پیروی مولوی حکیم یوسف ہروی ہراتی کی "قصیدہ در لغات ہندی" ۱۵۴۳ء میں ملتی ہے۔ یہ ایک مخصوص نوعیت کی منظوم لغت ہے جس میں مختلف النوع اشیا اور دواؤں (Medicines) کے فارسی ناموں کے اردو مترادفات درج کیے گئے ہیں۔

"خالق باری" کا سنہ تالیف ۱۳۲۵ء کی جگہ ۱۶۲۲ء متعین کیے جانے کی بنا پر بعض مورخین ادب نے "قصیدہ در لغات ہندی" کو شمالی ہندوستان میں تالیف کیا جانے والا پہلا لغاتی نصاب نامہ قرار دیا ہے۔ [2]

ایک اور لغاتی نصاب نامہ "اجے چند بھٹناگر (کایستھ)" نے ۱۵۵۳ء میں تالیف کیا تھا جس کا نام کہیں بھی مذکور نہ ہونے اور "خالق باری" کی طرز پر ہونے کی بنا پر ڈاکٹر عبدالحق نے اس کا ذکر "مثل خالق باری" کے نام سے کیا ہے

خالق باری کی پیروی میں اس طرح کے لغاتی نصاب ناموں کا ایک طویل سلسلہ شروع ہو گیا تھا جن میں "اللہ خدائی" ۱۶۵۱ء مولفہ "تجلی"، "رازق باری" ۱۶۶۰ء مولفہ اسمٰعیل، "ایزد باری" ۱۶۹۳ء مولفہ کھتری مل پسر سامل داس اور "صمد باری" مولفہ میر عبدالواسع ہانسوی "خالق باری اکرم" ۱۷۹۰ء مولفہ میاں جی محمد اکرم، "صفت باری" ۱۸۰۵ء مولفہ گلبشن داس قانون گو اور واسع باری، اللہ باری، ناصر باری، اعظم باری صادق باری وغیرہ قابلِ ذکر ہیں۔

اردو۔ فارسی لغات

ان ابتدائی لغات (منظوم نصاب ناموں) کی تالیف کے ساتھ ساتھ

---

۱ ڈاکٹر جمیل جالبی - تاریخ ادب اردو، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس دہلی سنہ ۱۹۷۷ء

۲ ڈاکٹر مسعود ہاشمی - اردو لغت نویسی کا تنقیدی جائزہ، ترقی اردو بیورو نئی دہلی سنہ ۱۹۹۲ء، ص: ۲۷، ۲۸

سترھویں صدی عیسوی کے اواخر میں اردو۔فارسی لغت نویسی کا آغاز ہو گیا تھا۔ اس سلسلے کی پہلی کڑی میر عبدالواسع ہانسوی کی "غرائب اللغات" (غالباً ۱۶۹۵ء) ہے جس میں ہندی الاصل اردو الفاظ کی فارسی زبان میں تشریح کی گئی تھی جسے بعد کو ۱۷۵۰ء میں سراج الدین علی خاں آرزو نے تصحیح و ترمیم کے بعد "نوادر الالفاظ" کے نام سے مرتب کیا۔

اس کے کافی عرصے کے بعد ۱۷۹۲ء میں مرزا جان طپش دہلوی نے "شمس البیان فی مصطلحات ہندوستان" مدوّن کی جو ۱۸۴۸ء میں مرشد آباد سے شائع ہوئی۔

۱۸۳۳ء میں مولوی محمد مہدی واصف نے "دلیل ساطع" کے نام سے اردو۔فارسی لغت مدوّن کی جو مطبع مظہر العجائب مدراس سے شائع ہوئی۔

۱۸۳۷ء/۳۸ء میں مولوی اوحدالدین بلگرامی نے "نفائس اللغات" مدوّن کی جو سابقہ لغات میں سب سے زیادہ ضخیم (۴۳۶ صفحات) ہے یہ پہلی لغت ہے جس میں مندرج (اردو) الفاظ کے تلفظ کی نشاندہی کی گئی ہے۔

۱۸۴۴ء میں میر علی اوسط رشک لکھنوی نے "نفس اللغہ" تالیف کی اس کی صرف پہلی جلد ہی طبع ہو سکی جس میں حرف "ت" تک کے الفاظ شامل کیے گئے ہیں۔

۱۸۴۵ء میں محبوب علی رامپوری نے "منتخب النفائس" تالیف کی اس میں تشریحی انداز کی بجائے اردو الفاظ کے عربی اور فارسی مترادفات پیش کیے گئے ہیں جبکہ اس سے قبل کی سبھی اردو۔فارسی لغات تشریحی انداز میں تالیف کی گئی تھیں۔

اردو۔ انگریزی لغات

سترھویں صدی عیسوی کے اوائل سے اہلِ یورپ (انگریز، فرانسیسی، پرتگالی اور ڈچ وغیرہ) ہندوستان آنے لگے تھے۔ شروع میں یہ لوگ محض

تجارت کی غرض سے ہندوستان آئے تھے چنانچہ تجارتی معاملات کی بہتر افہام و تفہیم کے لیے مقامی لوگوں کی زبان سمجھنے کے مقصد سے چھوٹی۔موٹی فرہنگیں ترتیب دیتے تھے جو عام طور پر رومن رسم الخط میں ہوتی تھیں۔
آہستہ آہستہ ان کے قدم ہندوستان کے مختلف حصوں پر جمتے گئے اور شوقِ تجارت نے جذبۂ ملک گیری کی شکل اختیار کر لی۔ اس کے علاوہ تاجروں اور سیاسی عیاروں کے ساتھ ساتھ مذہبی مبلغین کی آمد بھی شروع ہو گئی تھی جن کے لیے مقامی لوگوں کی زبان کو بخوبی سمجھنا اور بھی زیادہ ضروری ہو گیا تھا یہی ضرورت ذولسانین اور کثیر اللسانین لغات کی تالیف کا سبب بنی

چنانچہ مسٹر کورچ کے مرتب کردہ اور بنٹل کیٹلاگ کے حوالے سے گریرسن نے ایک ایسی لغت کے قلمی نسخے کا ذکر کیا ہے جو ۱۶۳۰ء میں سورت کے مقام پر لکھی گئی تھی یہ فارسی۔ ہندوستانی۔ انگریزی اور پرتگالی کے الفاظ پر مشتمل تھی اس میں فارسی الفاظ فارسی رسم الخط اور ایسے رومن حروف میں اور ہندوستانی الفاظ رومن اور گجراتی رسم الخط میں لکھے گئے تھے [1]

گریرسن نے اس طرح کی ایک اور لغت (Lexicon Linguae Indostanicae) کا بھی ذکر کیا ہے جسے ایک کیپوچن مشنری (Capuchin Missionary) فرانسس کس۔ ایم۔ ٹورونیسس (Franciscus M. Turonesis) نے ۱۷۰۴ء میں سورت ہی میں تالیف کیا تھا اس کا مسودہ روما کی پروپیگنڈہ لائبریری میں موجود تھا یہ لغت دو جلدوں میں تھی جس کی ہر جلد ۵۰۰ صفحات پر مشتمل تھی [2]

قریب ۱۷۱۵ء میں جان جوشیوا کٹیلر (J. Joshua Keterlaer) نے جو کہ پروشیا کا باشندہ تھا اور شاہ عالم، بہادر شاہ اول اور جہاں دار شاہ کے عہد میں ڈچ سفیر کی حیثیت سے مقیم رہا تھا، ہندوستانی زبان کی صرف و نحو پر

---

1. Grierson: Linguistic Survey of India (Vol. IX) P. 8
2. Encyclopaedia of Indian Leterature (Vol. VII, Urdu) 1991

ایک کتاب لکھی جسے بعد میں ڈیوڈ مل (David Mill) نے ۱۷۴۳ء میں شائع کیا۔ ۱۷۷۲ء میں جارج ہیڈلی (J. Hedly) کی صرف و نحو مع فرہنگ انگریزی و مورس (Moors) لندن سے شائع ہوئی جس میں اردو الفاظ فارسی رسم الخط میں لکھے گئے تھے۔

۱۷۷۲ء ہی میں جے فرگوسن (J. Furgusson) نے انگریزی ہندوستانی اور ہندوستانی۔ انگریزی لغت شائع کی

۱۷۹۰ء میں ہینری ہیرس (Henry Herris) کی انگریزی۔ ہندوستانی لغت مدراس سے شائع ہوئی جس میں بیشتر دکنی الفاظ کو شامل کیا گیا تھا۔

ان سب میں سب سے زیادہ اہم نام ڈاکٹر جان بارتھ وک گل کرسٹ (J. B. Gilchrist) کا ہے جو ۱۹۸۲۔۸۳ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی میں ملازمت کے سلسلے میں ہندوستان آئے تھے۔ انھوں نے اردو زبان کی صرف و نحو لغت، لسانیات اور بول چال وغیرہ پر کئی کتابیں تالیف کیں۔ ان کی تالیف کردہ انگریزی۔ ہندوستانی لغت ۱۷۸۷ء ۱۷۹۰ء کلکتہ سے اور ۱۸۰۰ء میں لندن سے شائع ہوئی جس میں انگریزی الفاظ کے معانی رومن اور اردو دونوں رسم الخط میں دیے گئے ہیں

۱۸۰۵ء میں کپتان جوزف ٹیلر (J. Tyler) نے ایک ہندوستانی۔انگریزی لغت اپنے ذاتی استعمال کے لیے ترتیب دی تھی جسے ڈاکٹر ولیم ہنٹر نے فورٹ ولیم کالج کے اساتذہ کی مدد سے تصحیح و اضافے کے بعد ۱۸۰۸ء میں کلکتہ سے شائع کیا تھا جو بعد کو جان شیکسپیر کی ہندوستانی۔ انگریزی لغت اور دیگر لغات کی بنیاد بنی۔

جان شیکسپیر (J. Shakespear) کی ہندوستانی۔ انگریزی لغت ۱۸۱۷ء میں لندن سے شائع ہوئی۔ اس کے بعد متعدد ہندوستانی۔انگریزی اور انگریزی۔ہندوستانی لغات تالیف ہوئیں[1] جن میں سب سے زیادہ مقبولیت ڈنکن فوربس

---

[1] مثلاً جے۔ ٹی۔ ٹامسن کی انگریزی اردو ڈکشنری (۱۸۳۶ء طبع ثانی)، آے۔ سی۔ ڈی رونڈاریو کی انگریزی۔ بنگالی۔ اردو لغت ۱۸۳۷ء

باقی اگلے صفحے پر

(Duncan Forbes) کی ہندوستانی - انگریزی اور انگریزی ہندوستانی لغت کو حاصل ہوئی جو ۱۸۴۸ء میں لندن سے شائع ہوئی تھی ۔

اس کے بعد ڈاکٹر فیلن (S.W. Fallon) کی ہندوستانی - انگریزی کا نمبر آتا ہے یہ لغت ۱۸۷۹ء میں لندن اور بنارس سے ایک ساتھ شائع ہوئی تھی جدید اصولوں پر مبنی اس لغت میں اردو کے بیشتر مترادفات شامل کیے گئے ہیں اور سند کے طور پر پیش کیے گئے حصے ہندوستانی ادبیات سے ماخوذ ہیں ۔ جن میں لوک گیتوں، کہاوتوں کے علاوہ ہندوستانی بول چال (روزمرہ) اور عورتوں کی مخصوص زبان کو بھی پہلی مرتبہ اس لغت میں شامل کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ [1]

۱۸۸۴ء میں جان ٹی - پلیٹس (John-T-Platts) کی اردو - کلاسیکی ہندی اور انگریزی (Urdu classical Hindi and English) لغت آکسفورڈ یونیورسٹی پریس لندن سے شائع ہوئی یہ فیلن کی ڈکشنری کے مقابلے میں زیادہ ضخیم اور وسیع ہے ۔

اگرچہ پلیٹس کی لغت کے بعد بھی بہت ساری ذولسانی لغات منظر عام پر آئیں مگر کوئی بھی پلیٹس کی لغت کے معیار کو نہ پہنچ سکی ۔ [2]

(بقیہ صفحہ گذشتہ) کپتان رابرٹ شیڈون ڈولی کی "جیبی - انگریزی - ہندوستانی ڈکشنری" (۱۸۴۸ء لندن)، اینی براٹس کی "ہندوستانی - انگریزی لغت" ۱۸۴۷ء کلکتہ اور ولیم ییٹس (Yates) کی "ہندوستانی - انگریزی ڈکشنری" ۱۸۴۷ء لندن وغیرہ

۱؎ ڈاکٹر فیلن کے اسٹاف میں لالہ فقیر چند، منشی چرنجی لال (مؤلف مخزن المحاورات) لالہ ٹھاکر داس، لالہ جگن ناتھ دہلوی اور منشی سید احمد دہلوی (مؤلف فرہنگ آصفیہ) جیسے لوگ شامل تھے

۲؎ مثلاً "یونانی اردو لغت" از ایڈورڈ ایونگ لدھیانہ ۱۸۸۷ء
ہندوستانی محاورات و الفاظ کی لغت از کرنل فلپس لندن ۱۸۹۲ء
"انگریزی - اردو ڈکشنری" از ڈبلیو - ایل تھابرن کلکتہ ۱۸۹۸ء
انگریزی اردو جیبی ڈکشنری از میجر جیمس پارک شاؤن ۱۹۰۴ء وغیرہ

اردو سے اردو لغات

اب تک کے ہندوستان کے سیاسی حالات اردو لغت نویسی پر اثرانداز ہوتے رہے جن کے باعث پہلے "اردو۔ فارسی" اور پھر "اردو۔ انگریزی" لغات کی تدوین و اشاعت کا خاصا طویل سلسلہ چلا مگر اب ہندوستانی مؤلفین نے اردو زبان کی روز افزوں مقبولیت کو دیکھتے ہوئے "اردو سے اردو لغات" کی تدوین و اشاعت کے سلسلہ کا آغاز کر دیا

اس سلسلے کی سب سے پہلی کوشش امام بخش صہبائی کی تالیف ہے جو ۱۸۴۹ء میں لکھی گئی تھی یہ اردو صرف و نحو سے متعلق ہے اس میں شامل اردو محاورات کی وضاحت اس وقت کے رواج کے برخلاف فارسی کی بجائے اردو میں کی گئی ہے۔

یوں تو امام بخش صہبائی اردو محاورات کے معانی اردو میں پیش کر کے اردو سے اردو لغات کا سلسلہ شروع کر دیا تھا مگر جدید لغت نویسی کے معیاری اصولوں پر مبنی پہلی لغت "فرہنگ آصفیہ" (۱۸۸۸ء جلد اول و دوم) تالیف کیے جانے تک بہت ساری چھوٹی بڑی لغات منظر عام پر آ چکی تھیں جو موقع و محل کے لحاظ سے کسی خاص ضرورت کے تحت لکھی گئی تھیں

مثلاً "معین الالفاظ" مولفہ منشی محمد سلیم (سن اشاعت: ۱۸۷۰ء) میں اس وقت کی کتبِ درسیہ (گلستان، بوستان، سکندر نامہ اور یوسف زلیخا وغیرہ) سے الفاظ اخذ کر کے اردو میں معانی لکھے گئے ہیں

مولوی امان الحق کی "امان اللغات" ۱۸۷۰ء بھی اسی قبیل کی ایک مختصر لغت (۲۷ صفحات) ہے جس میں طلباء مدارس، سرکاری اور غیر سرکاری اردو داں طبقے کی ضرورت کے تحت اردو الفاظ اور ان سے بننے والے محاورات مع معانی درج کیے گئے ہیں۔

سید عبدالفتاح معروف بہ اشرف علی گلشن آبادی کی "اشرف اللغات" ۱۸۷۴ء ایک موضوعاتی لغت ہے جس میں پینتیس ۳۵ عنوانات کے تحت الفاظ کو مرتب کیا گیا ہے

"زبدۃ اللغات" معروف بہ لغاتِ سروری (۱۸۷۷ء) از مفتی غلام سرور لاہوری ایک ضخیم لغت (۷۰۳ صفحات) ہے جس میں درسی کتابوں میں مستعمل عربی فارسی اور ترکی الفاظ مع معانی بہ اردو زبان مندرج ہیں یہ لغت شعراء کے لیے قافیوں کے انتخاب میں از بس مفید ہے۔

سید ضامن علی جلال کی "سرمایۂ زبانِ اردو" (۱۸۸۶ء) میں الفاظ و محاورات کی وضاحت اردو میں کی گئی ہے اس سے قبل ان کی "گنجینۂ زبانِ اردو یعنی گلشنِ فیض" ۱۸۸۱ء میں شائع ہو چکی تھی مگر اس میں اردو محاورات کی وضاحت فارسی میں کی گئی تھی۔

۱۸۸۶ء میں اسی نوعیت کی دو اور لغات منظرِ عام پر آئیں، ایک نیاز علی بیگ نکہت کی "مخزنِ فوائد" اور دوسری منشی چرنجی لال کی "مخزن المحاورات" ثانی الذکر تالیف اردو کے تقریباً دس ہزار محاورات پر مشتمل اُس وقت تک کی اردو سے اردو تالیفات میں سب سے زیادہ ضخیم (۷۰۲+۲۰ صفحات) ہے۔

"لغاتِ کشوری" مولفہ سید تصدق حسین رضوی کا شمار اردو کی معتبر لغات میں کیا جاتا ہے جو ۱۸۸۷ء کے آس پاس منشی نول کشور پریس لکھنؤ سے شائع ہوئی تھی اب تک اس کے چھبیس ۲۶ ایڈیشن (جدید اضافوں کے ساتھ) منظرِ عام پر آ چکے ہیں۔

۱۸۸۸ء میں مرزا محمد مرتضٰی عرف پچھو بیگ عاشق لکھنوی کی "بہارِ ہند" حرف ردیفِ الف تک ہی چھپ سکی۔

اسی سال یعنی ۱۸۸۱ء میں سید احمد دہلوی کی "لغاتِ اردو (خلاصہ ارمغانِ دہلی)" شائع ہوئی جو آگے چل کر "فرہنگِ آصفیہ" کی تدوین کی اساس بنی۔

اب اس دور کی دو اہم لغات "امیر اللغات" مولفہ منشی امیر احمد مینائی اور "فرہنگِ آصفیہ" مولفہ سید احمد دہلوی کا ذکر آتا ہے

"امیر اللغات" کی پہلی جلد ۱۸۹۱ء میں اور دوسری جلد ۱۸۹۲ء میں آگرہ سے شائع ہوئیں یہ ایک جامع اور مبسوط لغت ہے مگر الف ممدودہ و مقصورہ

تک ہی شائع ہو سکی۔

"فرہنگِ آصفیہ" چار جلدوں پر مشتمل ایک مبسوط اور مکمل لغت ہے اس کی جلد اوّل اور دوم ۱۸۸۱ء میں، جلد سوم ۱۸۹۸ء میں اور جلد چہارم ۱۹۰۱ء میں شائع ہوکر منظرِ عام پر آئیں۔

۱۸۹۸ء میں مولوی فیروز الدین، فیروز ڈسکوی کی "لغاتِ فیروزی (اردو)" سیال کوٹ پنجاب سے شائع ہوئی

غلام سرور لاہوری کی "جامع اللغات" ۱۹۰۸ء میں دوسری بار لکھنؤ سے شائع ہوئی۔

۱۹۲۱ء میں "فیروز اللغات" مولفہ فیروز الدین شائع ہوئی

"نوراللغات" مولفہ نورالحسن نیر کاکوروی کی پہلی جلد ۱۹۲۴ء میں لکھنؤ سے شائع ہوئی یہ چار جلدوں پر مشتمل ہے اس کی آخری جلد ۱۹۳۱ء میں لکھنؤ ہی سے شائع ہوئی۔

نور اللغات کی تدوین کے دوران لاہور کے خواجہ عبدالمجید نے "جامع اللغات" کے نام سے ایک لغت کی تدوین کا کام شروع کیا تھا انھوں نے اس لغت کو ۱۹۳۲ء سے چھوٹے چھوٹے حصوں میں شائع کرنا شروع کیا جو بالآخر ڈھائی سال کے عرصے میں ۱۹۳۵ء میں مکمل ہوئی یہ لغت اب چار جلدوں میں دستیاب ہے۔

بابائے اردو مولوی عبدالحق نے ایک جامع لغت کی تالیف کا کام ۱۹۳۰ء سے حیدرآباد میں شروع کیا تھا جسے بعد کو ملک تقسیم ہوجانے کے بعد ۱۹۷۳ء میں کراچی سے شائع کیا گیا [1]

۱۹۵۸ء سے "مہذب اللغات" مولفہ مہذب لکھنوی کی تدوین واشاعت کا سلسلہ شروع ہوتا ہے یہ چودہ [۱۴] جلدوں پر مشتمل ایک ضخیم لغت ہے جس میں سابقہ لغات کے غالباً تمام اندراجات اور ان کے معانی کو شامل

---

[1] "لغتِ کبیر" پہلے بالاقساط رسالہ اردو میں شائع ہوئی پھر اسے دو جلدوں میں الگ مستقل شکل میں شائع کر دیا گیا۔

مؤلف موصوف کا ایک اور اہم کارنامہ (The Standard English-Urdu Dictionary) کی شکل میں ۱۹۳۷ء میں منظرِ عام پر آیا تھا۔

کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس کی اشاعت کا سلسلہ ۱۹۸۹ء کو چودھویں جلد کی اشاعت کے ساتھ ختم ہوا۔

"مہذب اللغات" کے اشاعتی سالوں کے درمیان بھی بہت ساری لغات منظرِ عام پر آئیں

پاکستان (کراچی) میں ترقی اردو بورڈ نے ایک جامع لغت (اردو لغت تاریخی اصول پر) کی اشاعت کا سلسلہ جاری کیا یہ ۲۰ جلدوں پر مشتمل ایک عظیم لغت ہے جس کی پہلی جلد ۱۹۷۷ء میں شائع ہوئی تھی اور ۱۹۹۸ تک اس کی کبھی جلدیں منظرِ عام پر آ چکی ہیں۔

اصل مقالے میں مذکورہ بالا لغات کی تفصیل دی گئی ہے۔

توضیحی فرہنگ

اردو سے اردو کی لغات

١۔ اردو ادبی لغت

مؤلف : نور محمد
سنِ اشاعت : ۱۹۵۹ء
ناشر : نور محمد، تاجرانِ کتب، لال کنواں، دہلی
مطبع : سن رائز پریس، دہلی
صفحات : ۱۰۲۴
قیمت : ۱۵ر روپیہ
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو، ۹۱)

اس لغت کی بنیاد مختلف صوبوں بالخصوص پنجاب کے ورناکلر اور اینگلو ورناکلر، مڈل وہائی اسکول اور نارمل اسکولوں کے مقررہ نصاب کی کتابوں میں پائے جانے والے ذخیرۂ الفاظ پر رکھی گئی ہے جس میں ان کتب کے تقریباً عام الفاظِ مروّجہ محاورات، ضرب الامثال اور تلمیحات آ گئی ہیں۔

لغت کو حروفِ تہجّی کے اعتبار سے ترتیب دیا گیا ہے۔ جا بجا دہلی و لکھنؤ کے اختلافِ تذکیر و تانیث پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ اکثر مقامات پر الفاظ کے مادے کی توضیح کر دی گئی ہے۔ بعض جگہ مترادف الفاظ کے نازک فرق اور کہیں کہیں مروّجہ غلط الفاظ کی صحت کی طرف توجہ مبذول کرائی گئی ہے۔ تلفظ کے لیے صحت کے ساتھ اعراب لگائے گئے ہیں۔

٢۔ اردو قانونی لغت

مؤلف : منشی مہتاب الدین
سنِ اشاعت : ۱۹۰۸ء
ناشر : منشی مہتاب الدین، فیروز الدین تاجرانِ کتب قانونی لاہور
مطبع : قانونی پریس، لاہور
صفحات : ۵۶۲ سائز : ″۶ x ″۹ قیمت : ۶ر روپیہ
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۶۵)

یہ اردو قانونی لغت ہے جس میں عموماً ہر لفظ اور اصطلاحِ قانونی کے معانی و تشریحات موجود ہیں۔ مؤلف کے دعوے کے مطابق اس نوعیت کی یہ پہلی لغت ہے۔ جس میں ہر قانونی لفظ (حتی الامکان) بہ ترتیب حروفِ تہجی درج کر کے ان کی تشریح (مع مستند کتبِ قانونی کے حوالوں کے) کی گئی ہے۔ خاص مواقع پر تلفظ کی نشان دہی اعراب کے ذریعے کر دی گئی ہے۔ جو انگریزی وغیرہ کے الفاظ بگڑ کر کچھ کے کچھ ہو گئے ہیں ان کی اصل اور بگڑنے کی وجہ پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے۔

۳۔ اردو لغات

مؤلفین : لالہ رام کشن و منشی امیر چند

سنِ اشاعت : ۱۸۹۴ء

ناشر : منشی گلاب سنگھ اینڈ سنز، لاہور

مطبع : مفیدِ عام پریس، لاہور

صفحات : ۳۸۰ + ۸

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور و لائبریری اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی۔

زیرِ حوالہ لغت تقریباً چودہ ہزار الفاظ و محاورات پر مشتمل ہے۔ جو کتبِ درسیہ سررشتۂ تعلیم، قصصِ متداولہ اور اس عہد کے مروجہ اخبارات وغیرہ میں عموماً استعمال ہوتے تھے۔ آغاز کے اضافی صفحات میں مرزا بیدلؔ دہلوی، لالہ تارا چند، لالہ گوبند رام، لالہ چرنجی لال، سید سلطان علی، محمد نجف ولی اور دیگر معروف لوگوں کی آراء شامل ہیں۔ نیز دیباچہ مؤلف بھی ہے۔

(بحوالہ: ک ن ل ا ص ۱۵)

۴- اردو لغاتِ فیروزی

مؤلف : مولوی فیروز الدین، فیروز ڈسکوی

سنِ تالیف : ۱۸۹۸ء **سنِ اشاعت** : ۱۹۰۹ء (بارِ سوئم)

ناشر : مفیدِ عام گزٹ، سیالکوٹ، پنجاب

مطبع : مفیدِ عام پریس، سیالکوٹ، پنجاب

صفحات : ۱۰۴۸ **سائز** : "۵×"۶½ **قیمت** : ۸

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۲۸)

لغت کے آغاز میں اردو زبان کی اصل اور تاریخ درج کی گئی ہے لفظ، اصطلاح، محاورا، مثل، کہاوت وغیرہ پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔ اس کے بعد اردو زبان میں مستعمل عربی، فارسی، انگریزی اور سنسکرت الفاظ اور چنندہ علمی و قانونی اصطلاحات منتخب کرکے انگریزی لغات کی طرز پر مدون کیا گیا ہے۔ سبھی اندراجات کو حروفِ تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے۔ اندراج کی اصل کی طرف اشارہ کیا گیا ہے اور ہر لفظ کے ساتھ اس کے اردو مصادر اور ان کے لغوی و اصطلاحی معانی لکھے گئے ہیں۔ اصطلاحاتِ قانونی اور ضرب الامثال کے ابواب الگ قائم کیے گئے ہیں۔

TH-7412

Diss
P,168;4"k2"N
168N8

۵۔ اردو لغت

مؤلفین : ڈاکٹر نور نقوی، حفیظ عباس، ڈاکٹر محمد طارق
سالِ اشاعت : ۱۹۶۹ء
ناشر : مجلس اشاعتِ ادب، باڑہ ہندو راؤ، دہلی
مطبع : امپیریل پریس، دہلی
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (نمبر کتاب: ۹۴۱ لغت اردو)
صفحات : ۵۵۸ **سائز** : "۷×"۲/۱ ۹ **قیمت**: ۲۵ روپیہ

یہ پوری لغت تین جلدوں میں ہے جس کا پہلا حصّہ (الف تا ث) ہی دستیاب ہو سکا۔ اس میں تمام اندراجات کو حروفِ تہجی کے اعتبار سے درج کیا گیا ہے، تلفظ کے لیے اعراب کا استعمال کیا گیا ہے۔ انگریزی یا سنسکرت اصل والے اندراج کے لیے ان ہی زبانوں کے رسم الخط کا استعمال ضروری سمجھا گیا ہے اور دیگر اندراجات کی ماخذ لسانی کی طرف بھی اشارہ کر دیا گیا ہے۔ ان الفاظ کی تصاویر بھی شاملِ لغت ہیں جن کا مفہوم الفاظ میں ادا کرنا مشکل تھا۔ قواعدی نوعیت، تذکیر و تانیث نیز عورتوں کی زبان، عوام کی زبان اور متروکات وغیرہ کو بھی جہاں جہاں شامل کیا ہے مخففات کے ذریعے نشان دہی کر دی گئی ہے۔

۶۔ اردو لغت

مؤلف : میرزا مقبول بیگ بدخشانی
سالِ اشاعت : ۱۹۶۹ء (بار اوّل)
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : منیزان پرنٹنگ پریس، لاہور
صفحات : ۳۷۸ **مخزونہ**: غالب لائبریری، ادارہ یادگارِ غالب، کراچی

یہ لغت بنیادی طور پر طلباء کے پیشِ نظر تالیف کی گئی ہے جس میں اردو الفاظ کے علاوہ انگریزی، عربی، فارسی اور دیگر زبانوں کے الفاظ جو شاملِ نصاب اور عموماً اردو زبان میں مستعمل تھے مندرج ہیں۔ پیش لفظ از مولف (ص ۵ تا ۸)

(بحوالہ: ک۔ ل۔ ا۔ ص ۳۱)

۷۔ اردو لغت (تاریخی اصول پر)

ناشر : ترقی اردو بورڈ، (کراچی) پاکستان

سنِ اشاعت :

جلد اول (۱):	۱۹۷۷ء (الف مقصورہ)،	صفحات:	۱۱۷۱
" دوم (۲):	۱۹۷۹ء (الف ممدودہ تا ب)	"	۱۵۸۲
" سوم (۳):	۱۹۸۱ء (بھ تا پ)	"	۹۵۸
" چہارم (۴):	۱۹۸۲ء (پ تا ت)	"	۸+۱۰۰۰
" پنجم (۵):	۱۹۸۳ء (ت تا ٹھ)	"	۸+۹۳۴
" ششم (۶):	۱۹۸۴ء (ث تا ج)	"	۸+۹۹۲
" ہفتم (۷):	۱۹۸۶ء (ج تا چھ)	"	۸+۹۷۰
" ہشتم (۸):	۱۹۸۷ء (ح تا د)	"	۸+۹۹۲
" نہم (۹):	۱۹۸۸ء (د تا ڈھ)	"	۸+۹۹۲
" دہم (۱۰):	۱۹۹۰ء (ڈھ تا ر)	"	۸+۹۹۲
" یازدہم (۱۱):	۱۹۹۰ء (ڑ تا س)	"	۸+۹۹۲
" دوازدہم ۱۲:	۱۹۹۱ء (س تا ص)	"	۸+۱۰۲۴
" سیزدہم ۱۳:	۱۹۹۱ء (ض تا ف)	"	۸+۹۹۲
" چہاردہم ۱۴:	۱۹۹۲ء (ف تا ک)	"	۸+۹۶۰
" پانزدہم ۱۵:	۱۹۹۳ء (ک تا گ)	"	۸+۹۹۲
" شانزدہم ۱۶:	۱۹۹۴ء (گ تا ل)	"	۸+۹۶۰

مطبع : محیط اردو پریس، کراچی

قیمت : جلد اول تا ششم: ۲۰۰ روپیہ، جلد ہفتم تا دوازدہم: ۳۶۰ روپیہ
جلد سیزدہم تا شانزدہم ۴۰۰ روپیہ **سائز** : ۸¾" × ۱۰½" فی جلد

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور

لغت کی پہلی جلد (ص: ح تا ث) پر ابو اللیث صدیقی (مدیر اعلیٰ) کا
مقدمہ درج ہے جس میں لغت کے فن، تاریخ، مقاصد، انتقاد کے مسائل پر اظہار خیال

کیا گیا ہے۔ نیز تعارف از محمد ہادی حسن (صدر ترقی اردو بورڈ، ص: الف تا د)
مضمون اردو لغات اور لغت نویسی از مولوی عبدالحق (سابق مدیر اعلیٰ، ص ہ تا ذ)
اور بعد کے صفحات (ص: خ تا ح) میں اس لغت کے دائرۂ کار، طریقِ اندراج، املا، اعراب
رموز اوقاف و علامات، شواہد و امثلہ اور اشتقاق وغیرہ پر روشنی ڈالی گئی ہے
(از مولانا نسیم امروہوی، مدیر اوّل) اور تلخیصات اور اشارات کے علاوہ بورڈ کی
مجلسِ انتظامی اور عملہ ادارت کی فہرست دی گئی ہے۔ آخر میں چند ضمیمے بھی ہیں۔
لغت میں درج ذیل طریقۂ کار اختیار کیا گیا ہے:
سب سے پہلے اندراجات کے تلفظ کی نشان دہی اولاً اعراب کے ذریعے اور
پھر توضیحی طریقے سے کی گئی ہے۔ اس کے بعد ان کی قواعدی نوعیت کی نشان دہی
مخففات کے ذریعے کی گئی ہے تلفظ اور قواعدی نوعیت کی نشان دہی کے بعد معنی
دیے گئے ہیں۔ یہ لغت چونکہ تاریخی اصول پر تیار کی گئی ہے اس لیے معنی کی وضاحت
کے سلسلے میں تاریخی ترتیب کو ہی بنیاد بنایا گیا ہے۔ معنوی وضاحت کے بعد اندراجات
کی اصل یا ان کی اشتقاقیات (ETYMOLOGY) کی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔
پوری لغت کا بیس (۲۰) جلدوں میں منصوبہ بنایا گیا تھا جس کی سولہ (۱۶) جلدیں
دستیاب ہو سکیں باقی کے سلسلے میں:

> "سولہویں جلد کا تکملہ حرف ل کے الفاظ پر ہوا حرف م کے
> الفاظ کی کثرت ہونے کی وجہ سے ایک پوری جلد درکار ہوگی۔
> بقیہ حرف یعنی ن، و، ہ، ی کے الفاظ بہت آسانی سے
> تین جلدوں میں سما جائیں گے اور لغت کا پورا منصوبہ بیس (۲۰)
> جلدوں میں مکمل ہو جائے گا۔"

دیباچہ از فرمان فتح پوری (مدیر اعلیٰ)
جلد ۱۶ ص

۸۔ اردو مصدر نامہ

مؤلف : حفیظ الرحمٰن واصف
سن اشاعت : ۱۹۷۵ء (پہلا ایڈیشن)
مطبع : کوہ نور پریس، دہلی
صفحات : ۴۲۸ **قیمت** : ۱۸ روپیہ **سائز** : ۶½ × ۱۰
مخزونہ : صولت پبلک لائبریری رام پور (الف ۱۳۲)

اس میں اردو زبان میں مستعمل تقریباً تیرہ سو مصادر اور انیس سو مشتق الفاظ کو جمع کر دیا گیا ہے۔ اس کے دیباچہ میں اردو زبان کی وطنیت، اردو کا سرمایۂ لغت، اردو کی ادبی رفتار، اردو پریس میں، الفاظ کی قسمیں اور اردو کا رسم الخط جیسے اہم موضوعات پر اجمالی نظر ڈالی گئی ہے۔ اردو املا، مصدر، لازم، متعدی، حاصل مصدر اسم حالیہ اور دیگر قواعد کا مفہوم سمجھایا گیا ہے۔

سبھی مصادر کو حروف تہجی سے ترتیب دیا گیا ہے، تلفظ کی نشان دہی بذریعہ اعراب کی گئی ہے۔ قواعدی نوعیت نیز تذکیر و تانیث کی مخففات کے ذریعے وضاحت کرنے کے بعد معنی پیش کیے گئے ہیں۔ معنی کی وضاحت میں مستند شعراء کا کلام درج کیا گیا ہے۔

9۔ اسٹینڈرڈ اردو ڈکشنری

مؤلف : محمد باقر آغا
سن اشاعت : ۱۹۴۸ء (بار دوئم)
ناشر : کتاب منزل، لاہور
مطبع : علمی پرنٹنگ پریس، لاہور **صفحات** : ۴ + ۸۷۶
مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

اردو زبان میں مستعمل ہر قسم کے الفاظ، اصطلاحات و محاورات کی جامع لغت ہے اس کے پیش لفظ (ص، الف تا د) میں دعوے کے مطابق پانچ ہزار ایسے الفاظ شامل ہیں جو عموماً اردو لغات میں نہیں ملتے اس لغت کا منصوبہ علامہ تاجور نجیب آبادی کے ایک مضمون مطبوعہ ادبی دنیا، لاہور سے لیا گیا ہے۔ (بحوالہ: ک۔ ل۔ ا۔ ص ۲۹)

۱۰ اشرف اللغات

مؤلف : خواجہ اشرف علی

سنِ اشاعت : ۱۸۹۳ء (بار اوّل)

ناشر : ابو الحسنات، قطب الدین احمد، مالک مطبع

مطبع : مطبع نامی لکھنؤ **صفحات** : ۴۴۰ جلد اوّل (الف تا ش) ۳۱۶ جلد دوئم (ص تا ی)

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت ۴)

اپنے عہد کی ایک جامع لغت ہے جو طلباء کی ضروریات کو مدّ نظر رکھتے ہوئے تالیف کی گئی تھی۔ اس میں تمام کتب درکیہ میں مستعمل الفاظ و اصطلاحات نیز اشعار و کنایات یکجا کر دی گئی ہیں۔

۱۱ اشرف اللغات

مؤلف : سید عبدالفتاح معروف بہ اشرف علی گلشن آبادی

سنِ اشاعت: ۱۸۷۰ء حصّہ اوّل، ۱۸۷۱ء حصّہ دوئم

مطبع : حیدری پریس، بمبئی

صفحات : ۹۴ حصّہ اول، ۱۲۴ دوئم **سائز** : "۶×"۹

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۳)

حصّہ اوّل موسوم بہ "مصادر الافعال" اس میں اردو، فارسی، عربی اور انگریزی مصادر جمع کیے گئے ہیں۔ انگریزی مصادر کو اردو تلفظ کے ساتھ جمع کیا گیا ہے۔

حصّہ دوئم موسوم بہ "مجامع الاسماء" چہار لسانی لغت ہے جس میں قریب ڈھائی ہزار عربی لغات اور اسی قدر فارسی، ہندی اور انگریزی کے مترادفات جمع کیے گئے ہیں۔ ہر اندراج کے لیے چار خانے مخصوص ہیں جس میں پہلے اردو لفظ پھر اس کے فارسی، عربی اور انگریزی مترادفات درج کیے گئے ہیں۔ یہ موضوعاتی لغت ہے جس میں پینتیس ۳۵ عنوانات کے تحت الفاظ کو مرتب کیا گیا ہے۔ جس کا باب اول الہیات سے اور آخری مذہب و ملت سے وابستہ

۱۲۔ افسر اللغات

مؤلف : راجہ راجیشور راؤ، اصغر

سن اشاعت : ۱۹۰۵ء

مطبع : نظام المطابع، حیدرآباد

صفحات : ۱۲۲۶ **سائز** : "۴ × ۶½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رامپور (لغت ۴)

بقول مؤلف اس لغت کی تدوین میں "غیاث اللغات" "بہار عجم" "چراغ ہدایت" "برہان قاطع" "موید الفضلا" "کشف منتخب" اور "صراح" وغیرہ مستند فارسی لغات کو زیر نظر رکھا گیا ہے۔

لغت میں حرف اوّل کو باب اور بعد والے حروف کو فصل قرار دیا گیا ہے۔ تمام اندراجات کو حروف تہجی سے رکھا گیا ہے۔ ہر اندراج کی اصل بتائی گئی ہے۔ اور تلفظ میں آسانی کے لیے اعراب لگائے گئے ہیں۔ لغت میں عربی، فارسی کے علاوہ پہلوی، ترکی، رومی اور یونانی وغیرہ کے الفاظ بھی کثرت سے شامل کیے گئے ہیں۔

۱۳۔ الفاظِ عزیزیہ

مؤلف : مولوی محمد عبد العزیز

سن اشاعت : ۱۸۹۲ء

مطبع : مطبع نظامی، کانپور

صفحات : ۶۸ **سائز** : "۴½ × ۹½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رامپور (لغت مختلف ۵)

اشاعت سے بائیس سال قبل (یعنی ۱۸۷۰ء میں) یہ تالیف کیا جا چکا تھا۔ جو عام طلباء کے لیے تالیف کی گئی تھی۔ اس میں بھی اندراجات کو الگ الگ خانوں میں بہ اعتبار حروف تہجی رکھا گیا ہے۔ ہر اندراجی خانے کے نیچے والے خانے میں اس کے آسان اردو مترادف رکھے گئے ہیں۔ ایک لغت کے لیے ایک مترادف منتخب کیا گیا ہے۔

۱۴۔ امان اللغات

مؤلف : مولوی امان الحق

سنِ اشاعت: ۱۸۷۰ء (بار اوّل)

مطبع : مطبع گلزار اودھ، لکھنؤ

صفحات : ۷۲

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغتِ اردو ۶)

یہ لغت مدارس و مکاتب اینگلو ورناکلر کے طلباء کے استفادے کی غرض سے تالیف کی گئی تھی۔ جس میں مؤلف کا دعوا ہے کہ ایسی کوئی کتاب عام فہم نہیں جس سے طلباء مدارس، سرکاری اور دیگر اشخاص (اردو پڑھنے والے) اردو الفاظ کے معانی مع محاورات کے جانیں اور کم محنت میں عرب کے مصادر، مشتقات، واحد، جمع، مجرّد اور اسم جنس وغیرہ کو جانیں۔ یہ لغت دوسری بار ۱۸۸۹ء میں مطبع نولکشور لکھنؤ سے اور چوتھی بار کان پور سے شائع ہوئی تھی۔

۱۵۔ انتخابِ عالی

مؤلف : حافظ فیروز عالی رامپوری

سنِ اشاعت: ۱۹۵۰ء

مطبع : ناظم پریس، رام پور

صفحات : ۲۱۲ **سائز:** "۴½ × "۷

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور، (لغت اردو ۴۵)

عام طلباء (اردو) کے لیے تالیف کی گئی تھی جس میں اردو زبان میں مستعمل الفاظ کو حروفِ تہجی سے درج کیا گیا ہے ہر اندراج کے لیے تین کالم بنا کر پہلے میں نمبر شمار دوسرے میں لفظ اور تیسرے میں اس کے معنی لکھے گئے ہیں۔ تلفظ کے لیے اعراب لگا دیے گئے ہیں ہر حرف کے الگ الگ باب قائم کیے گئے ہیں۔ الف کے باب میں ۱۸۶ الفاظ شامل ہیں۔

۱۶۔ امیر اللغات

مولف : امیر احمد متخلص امیرؔ مینائی

سالِ اشاعت : ۱۸۹۱ء جلد اول، ۱۸۹۲ء جلد دوئم

مطبع : مطبع مفید عام، آگرہ

صفحات : ۴+۳۱۷ جلد اوّل، ۱۸ + ۳۲۵ جلد دوئم

سائز : ″۱/۲ ۹ × ″۱/۲ ۱۲

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری رام پور نمبر کتاب: ۳۰-۳۹

یہ لغت حرف پہلے حرف الف ممدودہ و مقصورہ تک ہی شائع ہو سکی اس لیے اس کا شمار اردو کی مکمل لغات میں نہیں کیا جا سکتا مگر جس طرح زبان لکھنؤ و دہلی میں مستعمل مفردات، مرکبات، جملے، مثلیں، مقولے، محاورے اصطلاحیں، کنایات، صفات، تشبہات و استعارات، تذکیر و تانیث کی تحقیق، لکھنؤ و دہلی میں تذکیر و تانیث کا فرق، لفظ کے ماخذ کی تحقیق، واحد و جمع کی حالت میں لغات کے معانی اور استعمال کا فرق، اگلی اور حال کی زبان کا فرق اور تلفظ کے لیے اعراب کا استعمال وغیرہ کے لیے جو اقدام کشائی کی گئی اردو لغت نویسی کے باب میں خاص اہمیت کی حامل ہے

۱۸۹۵ء میں لغت کا تیسرا حصّہ جس میں ب کے لغات شامل تھے پورا کر لیا گیا تھا مگر اس کی اشاعت کے لیے مؤلف کے پاس سرمایہ نہیں تھا ۱۸۹۸ء میں تیسرے حصّے میں کچھ الفاظ تحقیق طلب رہ گئے تھے اور چوتھا حصّہ (پ پر مشتمل) زیرِ ترتیب تھا کہ اکتوبر ۱۹۰۰ء کو امیرؔ مینائی کا انتقال ہو گیا

اس میں اندراجات کی اصل اور ان کے تلفظ کی وضاحت کے سلسلے میں پوری تحقیق سے کام لیا گیا ہے۔ تلفظ کے سلسلے میں اختلافِ رائے ہونے کی صورت میں اپنی تحقیقی رائے کو بھی پیش کر دیا ہے۔

لغت میں اندراجات کی معنوی وضاحت کے بعد اس لفظ کی صفات اور تشبہات کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔ بعض الفاظ کے معنی کی مناسبت سے بھی صفات و تشبہات لکھنے کا پہلو نکالا ہے۔ اور سند میں اشعار پیش کیے ہیں۔

۱۷۔ بہار اردو لغت

مؤلف : احمد یوسف
سنِ اشاعت : ۱۹۹۵ء
ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ (بہار)
مطبع : پاکیزہ آفسیٹ، پٹنہ
صفحات : ۸+۲۶۴ سائز : ۵"×۷" قیمت : ۱۰۰ روپیہ
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۱۰۴)

اس لغت میں خالص بہاری الفاظ مع اسناد کے جمع کر دیے گئے ہیں۔ تقریباً تین ہزار الفاظ و محاورات کا ایسا مجموعہ ہے جو عام لغات میں نہیں ملتے یا بہار سے باہر ان معنوں میں مستعمل نہیں۔ تمام اندراج حروفِ تہجی سے جمع کرکے پہلے ان کے آسان اردو میں معنی درج کیے گئے ہیں۔ پھر اس کا استعمال بتایا گیا ہے اور سند میں کوئی جملہ، فقرہ مثل یا شعر وغیرہ درج کیا گیا ہے۔

۱۸۔ بہار اردو لغت

مؤلف : سیّد یوسف الدین احمد بلخی
سنِ اشاعت : ۱۹۸۴ء
ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ (بہار)
مطبع : لبرٹی آرٹ پریس، دریا گنج، دہلی
صفحات : ۱۰۸ سائز : ½۸"×½۵" قیمت : ۱۵ روپیہ
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۸۶)

۱۹۷۰ء میں یہ لغت ایک مضمون کی شکل رسالہ فکر و نظر میں چھپ چکی ہے۔ یعنی بہار نے اردو کو جو الفاظ عطا کیے ہیں انہیں یکجا کیا ہے۔ تمام الفاظ حروفِ تہجی سے لکھے گئے ہیں۔ اندراج کے بالمقابل ٹکسالی زبان میں وہ لفظ (اگر ہے تو) اس کے بعد معنی لکھ کر قوسین میں اس جگہ کا نام درج کر دیا ہے جہاں پر وہ بولا جاتا ہے۔ اس کا دوسرا حصّہ ضرب الامثال پر مشتمل ہے

۱۹۔ تاج اللغات

ناشر : عطر چند کپور اینڈ سنز

سنِ اشاعت : ۱۹۳۵ء

مطبع : کپور آرٹ پرنٹنگ ورکس، لاہور

صفحات : ۱۳۲۰+۳۵

مخزونہ : کتب خانہ عام، انجمن ترقی اردو (پاکستان)، کراچی

ابتدائی چھ اضافی صفحات پر پیش لفظ اور آخری بینیس صفحات پر جغرافیائی ضمیمہ ہے جس میں دنیا کے ممالک اور مشہور شہروں کے محل وقوع بتائے گئے ہیں۔ اس کا ایک ایڈیشن ۱۹۳۲ء میں بھی اسی ادارے نے شائع کیا تھا۔ (ک۔ل۔ا صفحہ ۲۲)

۲۰۔ تحقیق اللغات

مؤلف : ڈاکٹر شیخ عنایت اللہ

سنِ اشاعت : ۱۹۶۳ء

مطبع : دین پرنٹنگ پریس، لاہور

صفحات : ۱۰+۱۴ **سائز**: 10½ × 9½"

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رامپور (لغت اردو ۵۲)

مؤلف نے یہ کتاب اردو الفاظ کے ماخذ (Etymology) پر لکھی ہے۔ کتاب نہایت مختصر ہے مگر پیش لفظ میں مؤلف نے یہ واضح کیا ہے کہ وہ عمداً اسے مختصر رکھ رہا ہے۔ کیونکہ ایسے بہت سے الفاظ ہیں جن کی اصل و ماخذ کے متعلق مقالہ تحریر کیا جا سکتا ہے۔ لغات، اعلام و مقامات کے ناموں کے بارے میں ان کی حقیقت بیان کی ہے مثلاً اقلیم: قدیم یونانی جغرافیہ نگاروں نے دنیا کو آب و ہوا کے اعتبار سے سات حصوں میں تقسیم کیا تھا۔ ان میں سے ہر ایک کو کلیما (Kalima) کہتے تھے۔ اقلیم بھی یہی یونانی لفظ کلیما ہے۔ عربی قاعدہ پر اس کی جمع اقالیم بنا لی گئی ہے۔ اس یونانی لفظ کو مغربی زبانوں نے بھی اختیار کیا۔

Greek Kalima

Latin: Clima
French: climat
English: climate

Arabic: اقلیم
Urdu: اقلیم

۲۱- تصحیح اللغات

مؤلف : مولوی رفیع احمد

سنِ اشاعت : ۱۹۲۹ء

ناشر : محمد اوحد الدین، پرنٹر و پبلشر نظامی پریس، بدایوں

مطبع : نظامی پریس، بدایوں

صفحات : ۶+۹۲ سائز : "۴/۳ ۶ × "۴/۱ ۸ قیمت : ۸/

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغتِ اردو ۷۶)

اس میں عربی فارسی کے وہ الفاظ جو معمولاً استعمال میں آتے ہیں مگر غلط اور خلافِ لغت لکھے پڑھے جاتے ہیں، جمع کیے گئے ہیں۔ جس میں تلفظ کے بیشتر اور املے کے کمتر اغلاط ہیں۔ الفاظ کی تحقیق میں مختلف لغاتِ فارسی مثلاً "صراح" "منتخب اللغات" "منتہی الارب" "برہان قاطع" "فرہنگِ جہانگیری" "غیاث اللغات" اور "چراغِ ہدایت" وغیرہ سے مقابلہ کرکے درجِ لغت کیا گیا ہے۔ مثلاً

آدمی :

الفاظ	معانی	کیفیت صحت و غلطی
آدمی	انسان منسوب بہ آدم	بہ فتح دال صحیح ہے بہ سکون غلط مستعمل ہے

۲۲- تنقیح اللغات

مؤلف : سید ضامن علی، جلال لکھنوی

سنِ اشاعت : ۱۸۷۳ء

مطبع : مطبع نامی، منشی نولکشور، لکھنؤ

صفحات : ۷۰ سائز : "۶ × "۲/۱ ۹

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری رام پور (لغتِ اردو ۲۴)

عربی، فارسی کے ایسے الفاظ جو ہندوستان میں اپنے اصل معنی کھوکر کسی خاص معنوں میں رائج ہوگئے ہیں۔ ہندی الفاظ جن پر فارسی الاصل ہونے کا شک ہوتا ہے اور وہ فارسی الفاظ جو ہندی مشہور ہوگئے ہیں تحقیق کرکے صراحت سے پیش کیے گئے ہیں۔

۲۳۔ جامع اللغات

مؤلف : خواجہ عبد المجید

سن اشاعت :

جلد اول : ۱۹۳۳ء (آ تا ب) صفحات : ۱۸+۶۳۹

" دوم : " (پ تا خ) " ۷۵۸

" سوم : " (د تا ف) " ۷۷۲

" چہارم : ۱۹۳۵ء (ق تا ی) " ۹۲۳

ناشر : جامع اللغات کمپنی، لاہور

مطبع : مسلم پرنٹنگ پریس لاہور، کوہ نور پرنٹنگ پریس لاہور اور عالمگیر پرنٹنگ پریس لاہور

سائز : "۹½ x "۱۲ فی جلد

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۱۵-۱۶-۱۷-۱۸)

مؤلف نے جلد اول میں دیباچہ پیش کیا ہے جس میں اردو زبان کی تاریخ، ادب کا ارتقاء، لغت اردو کی تاریخ، پیشتر کے کاموں کا جائزہ اور جامع اللغات کے خصائص و محاسن پر تفصیلی بحث کی ہے۔ اندراجات کے سلسلے میں مؤلف کا دعویٰ ہے کہ اس میں اتنے محاورے دیے گئے ہیں کہ آج تک کسی دوسری لغت میں موجود نہیں۔ آنکھ کے تحت پندرہ سو ۱۵۰۰ محاورات درج ہیں۔ حروف تہجی کے اہتمام کے ساتھ مفردات کو بنیاد بنا کر تمام مرکبات اور محاورات کو اس کے ذیل میں درج کیا گیا ہے۔ مگر مختلف الاصل الفاظ کو الگ الگ درج کیا گیا ہے۔ تلفظ کی نشان دہی اعراب کے ذریعے کی گئی ہے۔ لفظ کے اردو تلفظ اور اصل زبان کے تلفظ میں اختلاف کی صورت میں نشان دہی کر دی گئی ہے۔ لفظ کی اصل تحقیق کے بعد لکھی گئی ہے۔ تذکیر و تانیث اور قواعدی نوعیت کی نشان دہی بہتر طریقے سے کی گئی ہے۔ بیشتر اندراجات کے معنی مترادفات کی شکل میں دیے گئے ہیں۔ کہیں کہیں وضاحتی طریقۂ کار بھی اختیار کیا گیا ہے۔ الفاظ و محاورات کی سند نہیں دی گئی ہے۔

۲۴- جامع اللغات

مؤلف : مفتی غلام سرور لاہوری

ناشر : منشی نولکشور (مالک مطبع نامی لکھنؤ)

سنِ اشاعت: ۱۹۰۸ء (بارِ دوم)

جلد اوّل : (الف ممدودہ تا ز) صفحات: ۷۸۰

" دوم : (س تا ی) " ۶۱۰

مطبع : مطبع نامی منشی نولکشور، لکھنؤ

سائز : "۹ × "۱۲ فی جلد

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۱۱ ۱۲)

یہ لغت پہلی مرتبہ ۱۸۹۲ء میں اسی مطبع سے شائع ہوئی تھی۔ پوری لغت کو حروفِ تہجی سے ۳۲ ابواب میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور ہر باب کی پانچ پانچ فصلیں ہیں۔ پہلی فصل لغاتِ عربی و فارسی کی، دوسری فصل اردو لغات (ہندی و سنسکرت) تیسری فصل فارسی محاورات و اصطلاحات کی، چوتھی اردو اصطلاحات و محاورات کی اور پانچویں فصل متفرقات مثلاً ادویات اور لغات متعلق علم طب وغیرہ پر مشتمل ہے تلفظ کی نشان دہی اعراب کے ذریعہ کی گئی ہے۔ ہر لفظ یا محاورے کے دو یا تین مترادفات جمع کر دیے گئے ہیں۔ معنوی وضاحت میں مؤلفِ لغت نے اپنا اور دوسرے مستند شعراء کا کلام (شعر، قطعہ، رباعی وغیرہ کو) پیش کر دیا ہے۔

۲۵- جامع اللغات اردو

مؤلف : مولانا محمد رفیع و مولانا محمد رکیع

سنِ اشاعت: ۱۹۸۱ء (اشاعت اوّل)

ناشر : دار الاشاعت، کراچی

مطبع : تنویر پروسیس، کراچی صفحات: ۷۴۴

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

اردو زبان میں مستعمل تقریباً پچاس ہزار الفاظ پر مشتمل لغت (ک۔ ل۔ ا، ص ۲۹)

۲۶- جامع فیروز اللغات

مؤلف : مولوی فیروز الدین

سن اشاعت : ۱۹۸۷ء

ناشر : انجم بک ڈپو،

مطبع : خواجہ پرنٹنگ پریس، دہلی

صفحات : ۸+۱۴۷۲ سائز: ۹½"×۶¾" قیمت: ۱۲۵ روپیہ

مخزونہ : لائبریری جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

اس لغت میں اردو زبان کے تمام (حتی الامکان) متداول الفاظ، محاورات ضرب الامثال اور جدید علمی، ادبی، سائنسی اور تکنیکی اصطلاحات درج کی گئی ہیں۔ ہر بنیادی لفظ کے ارکان کو قوسین میں اعراب کے ساتھ توڑ کر لکھا ہے تاکہ صحیح تلفظ ادا ہو سکے۔ ہر لفظ کے ماخذ کی نشان دہی کی گئی ہے۔ اسماء کی تذکیر و تانیث کی وضاحت (مذ یا مث سے) کر دی گئی ہے۔ جن الفاظ کی تذکیر و تانیث میں اختلاف ہے ان کے ساتھ (مذ و مث) لکھ دیا گیا ہے۔ ہر لفظ کی صرفی حیثیت ظاہر کرنے کے لیے اسم، ضمیر اور صفت وغیرہ کی علامتیں درج کر دی گئی ہیں۔ قدیم کتابوں میں پائے جانے والے متروک الفاظ "ق" کی علامت کے ساتھ درج ہے۔ انگریزی الفاظ (اردو زبان میں رائج) اردو کے ساتھ انگریزی رسم الخط میں بھی لکھے گئے ہیں۔ معنوی وضاحت میں الفاظ کے مترادفات کا انبار لگا دیا ہے۔ مگر مثالیں نہیں دی گئی ہیں۔ یہ لغت عام طلباء اور اردو سیکھنے کے شائقین کے حلقے میں بہت مشہور و مقبول ہے۔ (نیز فیروز اللغات اردو کلاں مں دیکھیں)۔

۲۷- جدید عصری لغت

مؤلف : ایم۔ اے۔ بھٹی

سن اشاعت : ۱۹۸۳ء

ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

مطبع : گلوب آفسیٹ پرنٹرس، دہلی

صفحات : ۸۴۰ سائز: ۳"×۴½" قیمت: ۲۱ روپیہ

مخزونہ : لائبریری، رضا ڈگری کالج، رام پور (U.R. 101)

یہ لغت اَسّی ہزار سے زائد اردو، فارسی، عربی، ہندی، سنسکرت اور انگریزی الفاظ و محاورات اور ضرب الامثال و تلمیحات پر حاوی ہے۔ جس میں مروجہ درسی کتب (سرکاری و غیر سرکاری) کے علاوہ ادبی شہ پاروں اور اخبارات و رسائل سے جدید ترین الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے۔ ادب، تاریخ، جغرافیہ، ریاضی، سائنس، اسکاؤٹنگ ڈرل، تیمارداری اور ڈرائنگ وغیرہ کے ضروری الفاظ بھی شامل کیے گئے ہیں۔
تمام اندراجات کو حروفِ تہجی سے ان کے تلفظ کے لیے اعراب کا استعمال اور ہر لفظ کے ماخذ، قواعدی نوعیت اور تذکیر و تانیث کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔
معنوی وضاحت میں اندراجات کے معانی و مفاہیم کے ساتھ حسبِ موقع ان کا محلِ استعمال اور جا بجا تصاویر کے ذریعے اسماء کی وضاحت کر دی گئی ہے۔

۲۸۔ خزانۃ اللغات

مؤلف : شاہجہاں بیگم، نواب ملکۂ بھوپال

سن اشاعت ۱۸۷۰ء

جلد اوّل : (الف تا ز) **صفحات** : ۷۳۲

" **دوم** : (س تا ی) " ۵۲۱

مطبع : مطبع شاہجہانی، بھوپال **سائز** : ″۱/۲ ۸ × ۱/۲ ۱۳ فی جلد

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغتِ مختلف ۱۷)

یہ چھ زبانوں کی لغت ہے بڑے سائز کی اس لغت کے آمنے سامنے کے دو صفحوں کو اردو، فارسی، عربی، سنسکرت، انگریزی اور ترکی کے چھ خانوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اردو زبان کے الفاظ کو بنیاد بنا کر ہر خانے میں اس زبان کا مترادف رکھا گیا ہے۔ سنسکرت کے لیے دیوناگری رسم الخط کا اور انگریزی کے لیے انگریزی رسم الخط کا استعمال کیا گیا ہے۔ اردو لغات کے جہاں عربی، سنسکرت یا ترکی مترادف نہیں ملے وہاں خانہ خالی چھوڑ دیا گیا ہے۔ تلفظ کے لیے حسبِ ضرورت اعراب کا استعمال کیا گیا ہے۔ آخر میں صحت نامہ اور قطعہ تاریخ درج ہے۔

۲۹۔ دستور الشعراء

مؤلف : خواجہ محمد اشرف، اشرف لکھنوی

سنِ اشاعت : ۱۹۱۱ء (بار دوئم)

مطبع : نامی پریس، لکھنؤ

صفحات : ۱۴۴

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۶۷)

یہ لغت پہلی مرتبہ ۱۸۸۹ء شائع ہوئی تھی۔ لغت میں جملہ الفاظ کی ترتیب ردیف وار رکھی گئی ہے۔ ہر اندراج کے ساتھ اس کے ماخذ لسانی کی نشان دہی اور مذکر و مونث کی وضاحت کر دی گئی ہے۔ بعض جگہ جہاں اختلاف کی صورت ہے (یعنی بعض فصحاء مذکر اور بعض مونث بولتے ہیں) وہاں اقوالِ مختلف فیہ لکھ دیا گیا ہے۔ معنوی وضاحت میں ہر لفظ کے لیے بطور سند دہلی و لکھنؤ کے شعراء کے اشعار پیش کیے گئے ہیں۔

۳۰۔ دستور الفصحا

مؤلف : حکیم سید مہدی کمال

سنِ اشاعت : ۱۸۹۷ء (بار اول)

مطبع : یوسفی پریس۔ لکھنؤ

صفحات : ۳۴ **سائز** : "۶ × ۹½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۱۹)

یہ لغت دو حصوں میں مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں وہ الفاظ جمع کیے گئے ہیں۔ جو شعر کو فصاحت سے گرا دیتے ہیں یعنی الفاظِ متروک جن کو شعر میں نہیں لانا چاہیے معہ الفاظِ مستعمل اور وجۂ ترک کے وضاحت کی گئی ہے۔ جس کے لیے تین خانے مخصوص کیے گئے ہیں۔ پہلے میں لفظِ متروک، دوسرے میں لفظِ مستعمل اور تیسرے خانے میں وجۂ ترک بیان کی گئی ہے۔ دوسرے حصے میں ان غلط الفاظ کی تصحیح و تحقیق ہے جو زبان زدِ خاص و عام ہیں اور برابر شاعری میں استعمال کیے جاتے ہیں۔ ترتیب: پہلا خانہ لفظِ غلط دوسرا صحیح اور تیسرا وجۂ تغلیط کا لکھا ہے

دکن کی زبان

۳۱-

مؤلف : عارف ابو العلائی، ابو المعارف میر عطف علی

سنِ اشاعت : ۱۹۳۵ء

مطبع : مطبع ادبیہ، حیدرآباد، دکن

صفحات : ۸+۸+۴۸

مخزونہ : لائبریری اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی

مضمون "دکن کی زبان" از مؤلف ص: ۱ تا ۴، اصول و قواعد صحتِ لفظی از مؤلف ص: ۵ تا ۸، آغاز لغت ص: ۱ تا ۴۸ (از آب تا ارس) مؤلف کے دعوے کے مطابق اس لغت میں ایک لاکھ سے زیادہ محاورے اور روزمرّہ مع اسناد درج ہیں۔ ایک طویل سلسلے کا پہلا حصّہ۔ (ک ص ل ۱ ص ۸۴)

۳۲- دکنی اردو کی لغت

مؤلفین : مسعود حسین خاں و غلام عمر خاں

سنِ اشاعت : ۱۹۶۹ء

ناشر : آندھرا پردیش ساہتیہ اکیڈمی، حیدرآباد، دکن

مطبع : انتخاب پریس، حیدرآباد، دکن

صفحات : ۱۲ + ۳۸۱ **سائز**: "۷×"۹½ **قیمت**: ۱۲ روپیہ

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت اردو ۱۳۵)

یہ قدیم دکنی اردو کی لغت ہے جس کا تمام تر مواد اس زبان کے مخطوطات و مطبوعات سے حاصل کیا گیا ہے۔ ابتدائی صفحات میں ان تمام دکنی کتب کے ناموں کی فہرست دی ہے جن سے الفاظ اخذ کیے گئے ہیں اس طرح دو سو اڑسٹھ کتابوں کا ذکر ملتا ہے جن سے دکنی ادب کے خزانے پر روشنی پڑتی ہے

تمام اندراجات کو حروفِ تہجی سے درج کر کے ان کے تلفظ اور ماخذ کی طرف اشارہ کر دیا گیا ہے۔ معنوی وضاحت میں بطور سند اشعار پیش کیے گئے ہیں اور مخففات کے ذریعے کتاب کا نام درج کر دیا گیا ہے۔

۳۳۔ دکنی لغت

مؤلف : سید شجاع احمد، شجاع ہاشمی

ناشر : مکتبہ ابراہیمیہ حیدرآباد، دکن

مطبع : ابراہیمیہ پریس حیدرآباد، دکن

صفحات : ۱۲۱+۶ **سائز:** "۸×۶½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۲۰)

یہ لغت اہلِ دکن کو فصیح اردو سکھانے اور شمالی ہند والوں کو دکنی شعراء کے کلام کا مفہوم سمجھنے میں آسانی کے تحت تالیف کی گئی ہے۔ جس میں دکنی ادبیات میں مستعمل الفاظ کو حروفِ تہجی سے جمع کیا گیا ہے۔ ہر اندراج کے ساتھ اس کے مذکر و مونث کی نشان دہی کی گئی ہے اور تلفظ کے لیے اعراب لگائے گئے ہیں۔ معانی کی وضاحت میں مترادفات لکھے گئے ہیں۔ حسبِ ضرورت مفہوم بھی پیش کر دیا گیا ہے صفحہ ۱ تا ۴ تمہید از مؤلف، ص ۵ تا ۶ تعریف از عبداللہ عمادی، ص ۱ تا ۱۲۱ اصل لغت اور آخر میں ایک ضمیمہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

۳۴۔ روہیل کھنڈ اردو لغت

مؤلف : رئیس رامپوری

سنِ اشاعت : ۱۹۹۷ء

ناشر : چاندنی پبلشرز سوسائٹی، رام پور

مطبع : چاندنی پریس، رام پور

صفحات : ۱۰۰ **سائز:** "۸½×۵ **قیمت:** ۵۰ روپیہ

مخزونہ : رضا لائبریری رام پور (لغت اردو ۱۱۳)

یہ ریاستِ رام پور (یو پی) کی بے تکلف عوامی بول چال کے الفاظ اور مقامی محاورات و اصطلاحات کا مجموعہ ہے۔ یہ زبان بالخصوص رام پور میں بولی اور سمجھی جاتی ہے جس کے بولنے کے انداز اور محلِ استعمال سے رامپور والا رامپور سے باہر بھی پہچان لیا جاتا ہے لغت میں اکثر وہ الفاظ ہیں جو بگاڑ دیے گئے ہیں۔ اور غیر فصیح ہیں۔ مقدمہ کے علاوہ ریاست رام پور کا مختصر تعارف درج ہے

۳۵۔ رئیس اللغات

مؤلف : پیر غلام دستگیر نامی

تقریباً دس ہزار الفاظ و اصطلاحات جو اس زمانے میں ممالک عرب میں عام بول چال میں مروج تھے، کے معانی اور ان کی تشریح۔ مقدمہ میں مؤلف نے اس لغت کی جامعیت اور خصائص پر روشنی ڈالی ہے (ص۱ تا ۱۵) آخر میں دو اضافی صفحوں میں بعض اغلاط کی تصحیح شامل ہے۔ اس لغت کا ذیلی نام "لغت عرب جدید" ہے (ک۔ ل۔ ا۔ ص۷)

۱۲۹۔ **اللغات و الامثال**

مؤلف : مولوی محمد فضل قدیر، ظفر ندوی

سن اشاعت : ۱۹۴۰ء

مطبع : شروانی پرنٹنگ پریس، علی گڑھ

صفحات : ۲۵۶ **سائز** : "۵×"۸½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت مختلف ۳۱)

یہ دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے میں تین ہزار سے زائد اردو الفاظ کے عربی میں معانی لکھے گئے ہیں۔ زیادہ تر ایسے الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے جو یوروپین زبانوں سے اردو زبان کا حصہ بن چکے ہیں۔ اور جو قدیم عربی لغات میں موجود نہیں۔ ایسے ہر دخیل الفاظ کی قوسین میں تشریح کر دی گئی ہے۔ یہ حصہ اردو سے عربی ترجمہ کرنے میں بے حد معاون ہے۔ لغت کا دوسرا حصہ جوکہ عربی سے اردو ہے، میں ایک ہزار سے زائد مشہور عربی ضرب امثال (جن کا تعلق عرب کے مشہور واقعات سے ہے) جمع کرکے ان کے معنی اردو میں لکھے گئے ہیں۔ اردو ہی میں ان کا محل استعمال بھی بتایا گیا ہے۔

۱۳۰۔ **المعجم**

مؤلف : خلیل الرحمٰن نعمانی

سن اشاعت : ۱۹۶۷ء (اشاعت اوّل)

ناشر : دارالاشاعت، کراچی

صفحات : ۷۹۵

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

پینتیس (۳۵) ہزار سے زیادہ اردو الفاظ کے معانی عربی الفاظ میں مع عربی محاورات و ضرب الامثال کے۔ اس پر مفتی محمد شفیع مرحوم کا مقدمہ درج ہے۔

۱۳۱۔ المعجم الاعظم

مؤلف : محمد حسن الاعظمی

سنِ اشاعت : ۱۹۳۱ء تا ۱۹۵۳ء

جلد اوّل : (الف تا ج)، صفحات: ۵۲۸

" دوم : (ح تا ز)، " ۵۲۹ تا ۱۳۰۴

مطبع : انتظامی پریس حیدرآباد، دکن

ناشر : ادارہ معارف اسلامیہ ہند، حیدرآباد، دکن

اس کے بعد کی جلدیں پاکستان سے شائع ہوئیں لیکن صفحات مسلسل ہیں

جلد سوئم : (س تا غ)، صفحات: ۱۳۰۵ تا ۲۰۷۲

" چہارم : (ف تا م)، " ۲۰۷۳ تا ۲۸۱۲

" پنجم : (ن تا ی)، " ۲۸۱۳ تا ۳۴۶۰

مطبع : ایجوکیشنل پریس، کراچی، پاکستان

مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگارِ غالب، کراچی

اس تالیف کا آغاز مؤلف نے ۱۹۳۱ء میں کیا تھا اور دسمبر ۱۹۵۳ء میں تبئیض سے فراغت پائی جلد اوّل کے آغاز میں خصوصیات، تقریظ، مقدمہ (از حکیم کبیرالدین) (صفحہ ۱ تا ۱۷۴)۔ اور مقدمۂ علمیہ (از مؤلف، صفحہ: ۱ تا ۸۸) شامل ہے جس میں لغت کی اہمیت، قواعد کے مسائل اور لغت سے استفادے کے آداب سے بحث کی گئی ہے۔ حرف الف صفحہ ۸۹ سے شروع ہوتا ہے۔ جلد پنجم کے آخر میں صفحہ: ۳۳۲۹ تا ۳۴۲۰ لغت ہی کے انداز پر عربی ضرب الامثال والاقوال کا اردو میں ترجمہ شامل ہے۔ صفحہ: ۳۴۱۳ تا ۳۴۵۴ احادیث نبوی کے وہ جملے بہ ترتیب حروفِ تہجی شامل ہیں جو بطور ضرب الامثال کے عربی ادب کے جزو کے طور پر مشہور ہیں۔ صفحہ: ۳۴۵۵ سے آخر تک مؤلف کی تالیفات و تصنیفات کا اشتہار و تعارف ہے۔ (ک.ل.ا.ص ۷۲)

۱۳۲۔ المنجد (عربی اردو ڈکشنری)

ناشر : مرکزی ادارہ تبلیغ دینیات، دہلی
سنِ اشاعت : ندارد
مطبع : نعمانی آفسیٹ پریس، دہلی
صفحات : ۱۲۹۰ سائز : "۷ × "۹½ قیمت: ۱۲۵ روپے
مخزونہ : لائبریری جواہرلال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

یہ عربی زبان کی مشہور لغت "المنجد" کا اردو ترجمہ ہے۔ عرضِ ناشر از محمد رضی نعمانی (ص: ۵ تا ۶)۔ مقدمہ المنجد اردو از مفتی محمد شفیع دیوبندی (ص: ۷ تا ۳۱)۔ اس کے بعد چند ضروری قواعد صرفیہ رموز و اشارات اور اردو دانوں کے لیے عربی لغت سے استفادے کا طریقہ بتایا گیا ہے (ص: ۳۲ تا ۵۴)۔
مقدمے میں مفتی صاحب نے لغت کے اصول، تعریف، تاریخ اور عربی زبان کی خصوصیت، وسعت، عربی زبان کی تاریخ تدوین و آغاز تصنیف، عربی زبان کے لغات و معاجم کی فہرست، المنجد عربی کے خصائص و معائب اور اردو ایڈیشن کی خصوصیات بیان کی ہیں۔ لغت کے آخر میں ہتھیاروں، اوزاروں، پھولوں، پھلوں اور تاریخی عمارات وغیرہ کی تصاویر شامل ہیں۔ اس کا اضافہ شدہ ایڈیشن ۱۹۶۷ء میں نکلا تھا جس کے آخر میں ابی الحسن علی بن عیسیٰ الرمانی کی کتاب الالفاظ المترادفۃ بھی شامل کر دی گئی ہے۔ اس ایڈیشن کے سرورق پر صراحت کی گئی ہے کہ اس میں ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریحات اور محاورات و ضرب الامثال کے علاوہ اہم اشیاء کی تصاویر شامل ہیں۔ (صفحات ۱۵۴۶)۔
۱۹۷۴ء میں مکتبہ مصطفائیہ، دیوبند سے شائع ہوئی (صفحات ۱۲۹۰)۔

۱۳۳۔ بیان اللسان

مؤلف : قاضی زین العابدین، سجاد میرٹھی

سن اشاعت: ۱۹۳۹ء (طبع اوّل)

ناشر : مکتبہ علمیہ قاضی واڑہ، میرٹھ

مطبع : محبوب المطابع برقی پریس دہلی

صفحات : ۸۶۴+۳۲ **سائز** : "۵×"۷ **قیمت** : ۸ روپیے

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۴۶)

پینتیس[۳۵] ہزار قدیم و جدید نصابی اور علمی اور ادبی کتابوں کے علاوہ اخبارات و رسائل میں مستعمل عربی لغات کی تشریح مع ضروری لغوی مباحث کے کی گئی ہے۔ قرآن کریم کے جملہ لغات بھی خصوصیت کے ساتھ شامل کرلیے گئے ہیں۔ لغت کے آغاز میں ۳۲ صفحات پر مقدمہ درج ہے۔ اس کا ایک ایڈیشن ۱۹۷۴ء میں دارالاشاعت کراچی، م: مشہور آفسٹ پریس، کراچی سے شائع ہوا، صفحات ۸۹۵+۴۷۔ اس میں شامل ہیں مقدمہ: طیب البیان فی تقریظ بیان اللسان از قاری محمد طیب دیوبندی ص: ۳ تا ۱۱ خصوصیات لغت از مؤلف ص: ۱۲ تا ۱۵۔ فرائد القواعد و اشارات از مؤلف ص: ۱۶ تا ۳۱۔ لغات جدید (جدید عربی الفاظ و اصطلاحات) ص: ۱ تا ۴۷۔

۱۳۴۔ تسہیل العربیہ

مؤلفین : محمد جی و غلام محمد چوہدری

سن اشاعت: ۱۹۳۳ء

مطبع : الہ بخش اسٹیم پریس، قادیان

صفحات : ۹۹۸

مخزونہ : لائبریری اردو ڈکشنری بورڈ کراچی

عربی سے اردو کی لغت مؤلفین کی جانب سے آغاز میں عربی زبان کے ضروری قواعد ہیں جو لغت سے استفادے کے لیے ضروری ہیں۔ (ک۔ل۔ا۔ج[۵۸])

۱۳۵۔ **حوار العرب**

مؤلف : محمد عبد الغنی
سن اشاعت : ۱۹۱۶ء
مطبع : انسٹی ٹیوٹ پریس، علی گڑھ
صفحات : ۱۳۷+۴ **سائز** : "۶ × "۹½
مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۱۱۲)

سہ لسانی لغت ہے جس میں عربی مصادر اور محاورات کو بنیاد بنا کر ان کا فارسی اور اردو میں ترجمہ کیا گیا ہے۔ ہر اندراج کے لیے چار خانوں کا استعمال کیا گیا ہے۔ پہلے خانے میں عربی مصدر یا محاورات، دوسرے میں صلہ۔ تیسرے میں فارسی ترجمہ اور چوتھا خانہ اردو ترجمے کے لیے مخصوص ہے

۱۳۶۔ **عربی لغات فیروزی**

مؤلف : مولوی فیروز الدین، فیروز ڈسکوی **سن اشاعت** : ۱۹۰۷ء
ناشر : لالہ عطر چند کپور اینڈ سنز، لاہور
مطبع : ہندوستانی اسٹیم پریس، لاہور
صفحات : ۳۰۴
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگارِ غالب، کراچی

عربی۔ اردو لغت پہلے عربی منظوم دیباچہ ہے (ص ۱ تا ۳) پھر اردو نثر میں دیباچہ ہے (ص ۴ تا ۱۰) صفحہ ۱۱ سے لغت کا آغاز ہوتا ہے۔
جلد دوم : ص : ۱۷۶، ۱۹۰۶ء، مطبع : پنجاب پریس، سیالکوٹ، تین حصوں میں مشتمل اردو۔ عربی لغت۔ حصہ اول : اردو الفاظ کے معانی عربی میں (ص: ۲ تا ۸۱) حصہ دوم : اردو مصادر کا عربی ترجمہ مع گردان (ص: ۸۲ تا ۱۱۵) حصہ سوم : مختلف انواع و اشیاء کی عربی۔ ترجمہ اور بول چال کی مدد کے لیے (ص: ۱۱۶ تا ۱۷۴) تتمہ چند ضروری باتیں از مؤلف (ص: ۱۷۵ تا ۱۷۶)
(ک ل ا ص ۳۱)

۱۳۷- " فیروز اللغات (عربی۔اردو)

ناشر : فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور
سنِ اشاعت: ۱۹۶۸ء (پہلی بار)
مطبع : فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور
صفحات : ۸۶۳
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

پچاس ہزار کے قریب قدیم وجدید عربی الفاظ اور ان کے اردو معانی۔
پیش لفظ از ناشر (ص: ۳ تا ۴) - عربی لغت میں کلمہ تلاش کرنے کا طریقہ اور رموز و اشارات (ص: ۵ تا ۶)۔ (کت ۱۷ مئی)

۱۳۸- قاموس الجیب من الاردیّۃ الی العربیّۃ

ناشر: اتحاد العالمی الاسلامی، کراچی

اردو عربی جامع لغات سے ماخوذ جیبی ایڈیشن اس کا مقدمہ عربی میں ڈاکٹر احسان سامی حقی نے اور پیش لفظ مؤلف نے خود تحریر کیا ہے۔

مؤلف : محمد حسن الاعظمی (قریشی، کراچی ۳۱ مئی ۱۹۸۵ء)

۱۳۹- لغاتِ جدیدہ

مؤلف : سید سلیمان ندوی
سنِ اشاعت: ۱۹۳۷ء (طبع سوئم)
ناشر : مسعود عالم ندوی، دار العلوم ندوۃ العلماء
مطبع : مطبع معارف، اعظم گڑھ
صفحات : ۴۳+۲۵۷ سائز: ۵½" × ۸½"
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۲۷)

پہلی بار یہ لغت ۱۹۱۰ء میں آسی پریس لکھنؤ سے شائع ہوئی تھی ۱۹۳۵ء میں دوسری بار مطبع معارف اعظم گڑھ سے ہی شائع ہوئی تھی۔

پیش لفظ میں مؤلف نے عربی دینی مدارس میں جدید عربی ادب کے طلباء کے لیے ایک لغت کی ضرورت اور اس لغت کی اہمیت و افادیت پر روشنی ڈالی ہے پیش لفظ پر ۲۵ مارچ ۱۹۱۲ء درج ہے۔
اس لغت میں تقریباً پانچ ہزار ایسے الفاظ کی تحقیق و تشریح کی گئی ہے جو عربی اخبارات و رسائل اور جدید تصانیف میں خوب خوب استعمال ہوتے ہیں۔ اس میں عربی زبان کے مولد و دخیل دونوں طرح کے الفاظ شامل بحث ہیں۔

۱۳۰- **لغاتِ سعیدی**

مؤلف : مولوی عبدالعزیز

سنِ اشاعت : ۱۹۳۶ء (بار دوم)

مطبع : مطبع مجیدی کانپور

صفحات : ۸+۴۴۴

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

عربی سے اردو لغت اس کا ایک دوسرا ایڈیشن بہ نظر ثانی سعید انصاری نے دس ہزار جدید و قدیم عربی الفاظ کے اضافے کے ساتھ شائع کیا۔ (ک ۱۱ ص۷۵)

۱۳۱- **لغاتِ عربی اردو**

مؤلف : شیخ غلام قادر

سنِ اشاعت : ۱۸۹۱ء (بار اول)

مطبع : نظامی پریس، لودھیانہ پنجاب

صفحات : ۴+۳۶۷

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

یہ لغت طلباء کے استفادے کے لیے مرتب کی گئی ہے "مؤلف نے "باعثِ تالیف" میں تالیف کی ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالی ہے (ص: ۱ تا ۳)
یہ نظامِ قادری کے نام موسوم ہے۔ (ک ۱۰۱ ص۷۶)

۱۴۲- **مجمع اللغات**

مؤلف : راجہ راجیشور راؤ اصغر

سنِ اشاعت : ۱۹۲۲ء

مطبع : مطبع اختر حیدر آباد

صفحات : ۱۳۶ + ۲ سائز: "۶ × "۹½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری رام پور (لغت مختلف ۶۰)

اردو فارسی اور عربی کے مروجہ مترادفات تمام و کمال طلباء نیز فائدہ عام کے لیے۔ آغاز کے چار صفحوں میں مؤلف کا دیباچہ اور آخر کے دو اضافی صفحوں میں کتاب کا غلط نامہ درج ہے۔

۱۴۳- **مجموعہ لغات عرب**

مؤلف : سرا سکھ لال

مطبع : الہ آباد

۱۴۴- **مصباح اللغات**

مؤلف : ابو الفیض، عبد الحفیظ بلیاوی

سنِ اشاعت : ۱۹۵۷ء (طبع پنجم)

ناشر : مکتبہ برہان اردو بازار، دہلی

مطبع : الجمعیۃ پریس، دہلی

صفحات : ۱۰۱۱ سائز: "۷ × "۹½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت مختلف ۴۷)

یہ عربی لغت المنجد کا اردو ترجمہ ہے۔ جس میں پچاس ہزار سے زیادہ عربی الفاظ اردو ترجمے اور مطالب کے ساتھ پیش کیے گئے ہیں۔ لغت کی ترتیب میں قواعد کا پورا اہتمام کیا گیا ہے۔ آغاز میں رموز و اشارات کے علاوہ پیش لفظ اور عربی الفاظ کے معنی کی تلاش میں رہنمائی کے اصول و قواعد بیان کیے ہیں۔

۱۳۵- **معجم الاعظمی**

مؤلف : محمد حسن الاعظمی
سنِ اشاعت : ۱۹۵۷ء (بار اوّل)
جلد اوّل : (الف تا ط)، صفحات: ۱ تا ۱۲۴۸
" دوم : (ظ تا ی)، " : ۱۲۴۹ تا ۲۵۵۱
ناشر : مکتبہ اعظمیہ، کراچی
مطبع : کراچی
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگارِ غالب، کراچی

یہ عربی سے اردو کی ایک متوسط ڈکشنری ہے جس میں ایک لاکھ سے زیادہ کثیر الاستعمال قدیم و جدید الفاظ و اصطلاحات شامل ہیں۔

۱۳۶- **معجم العربیہ**

مؤلف : ولیم ٹامس ورتھ باٹ
سنِ اشاعت : ۱۹۳۸ء (بار اوّل)
ناشر : پنجاب ایڈوائزری بورڈ فار بکس
مطبع : لاہور
صفحات : ۳۲ + ۱۳۲۷ + ۲
مخزونہ : لائبریری اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی

یہ مؤلف کی عربی۔ انگریزی لغت کا ترجمہ ہے آغاز میں مترجم کی جانب سے اس لغت کے ترجمے کی مشکلات اور مسائل پر دیباچہ ہے۔(ص: ۱ تا ۸) اس کے بعد اصل لغت کے بعض اغلاط کی نشان دہی کی گئی ہے۔ (ص: ۹ تا ۱۷)۔ اس کے بعد مؤلف کی جانب سے مقدمہ ہے جس میں الجو لغت کے اردو اصول اور عربی زبان کی قواعد کے ضروری مباحث جو لغت سے استفادے کے لیے لازم تھے بیان کیے گئے ہیں۔(ص ۱۸ تا ۳۲) لغت کے آخر میں دو اضافی صفحوں میں لغت کا صحت نامہ درج ہے۔

اردو سے انگریزی
انگریزی سے اردو

۱۴۷- اردو۔ انگریزی لغت

(A Dictionary in Urdu and English)

مؤلف : جے۔ ٹی۔ تھامسن (جوزف)

سنِ اشاعت : ۱۸۳۸ء

مطبع : سیرام پور

صفحات : ۴۰۴ + ۲

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

مستند حوالوں کی مدد سے حروفِ تہجی کے مطابق ترتیب دی گئی ہے۔ آخر کے دو اضافی صفحات میں ڈیلی نیوز، انگلش میں، بنگالی ہرکارہ، فرینڈ آف انڈیا وغیرہ کے تبصرے شامل ہیں۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۲۳)

تھامسن جوزف کی ایک اور لغت (انگریزی۔ اردو) ۱۸۴۳ء میں مطبع سیرام پور سے ہی شائع ہوئی تھی صفحات: ۴۰۴۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۲۳)

۱۴۸- انگریزی اور ہندوستانی لغت

(A Dictionary English and Hindustani)

مؤلف : ڈاکٹر جے۔ بی گل کرسٹ

سنِ اشاعت : ۱۷۸۷ء تا ۱۷۹۰ء

مطبع : کلکتہ

صفحات : ۴۴ + ۷۲۰

مخزونہ : ادارہ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد

اس کا ایک ایڈیشن تھامسن روبک نے ۱۸۱۰ء میں ایڈنبرا سے شائع کیا جس کا عنوان تھا:

(Hindustani Philology comprising a Dictionary English and Hindustani also Hindustani and English)

اس میں زبان کے قواعد بھی شامل کیے گئے تھے

ہندوستانی اور انگریزی لغت ص: ۷۶۱ س: ۱۸۲۱ء، ن: کوکس اینڈ بیلے کمپنی، لندن

۱۲۹- اردو کلاسیکی ہندی اور انگریزی لغت
(A Dictionary of Urdu, Classical Hindi and-English)

مؤلف : جان ٹی۔ پلیٹس (John Thompson Platts)

سن اشاعت: ۱۹۸۴ء (پہلا اکادمی ایڈیشن)

ناشر : اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ

مطبع : میسرس ڈائمنڈ آفسیٹ پراسس، دہلی

صفحات : ۱۲۵۹ سائز: "۷×۴½"9 قیمت: ۷۲ روپیے

مخزونہ : لائبریری رضا ڈگری کالج رامپور (37 ،491553 U.R)

اس کا پہلا ایڈیشن لندن سے ۱۸۸۴ء میں شائع ہوا تھا

اس میں اردو کے ساتھ ٹھیٹ ہندی اور خالص سنسکرت الفاظ کافی تعداد میں شامل کیے گئے ہیں الفاظ کی اصل یا ماخذ لسانی کی نشان دہی کے سلسلے میں کافی منضبط اور محققانہ انداز میں پیش رفت کی گئی ہے۔ اس سے پہلے اس طرح کی کوشش کی اولین مثال جان کیکسپیر کی ہندوستانی۔انگریزی ڈکشنری ۱۸۱۷ء میں ملتی ہے جس میں ہر اندراج کے قبل اس کی اصل کی طرف اشارہ کر دیا گیا تھا۔ مگر پلیٹس نے اپنی لغت میں محض اشارہ کر دینا ہی کافی نہیں سمجھا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ اردو یا ہندی الفاظ کی اصل شکل کو بھی پیش کیا ہے۔ چنانچہ ہندی الاصل الفاظ کو اردو رسم الخط کے ساتھ ساتھ دیوناگری رسم الخط میں بھی لکھ کر ان کی مختلف پراکرت یا اپ بھرنش شکلوں یا ارتقائی مدارج پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ دیگر زبانوں کے دخیل اردو یا ہندی الفاظ کے اصل ماخذ تک پہنچنے کی بھی کوشش کی گئی ہے۔ جہاں تحقیق نے ساتھ نہ دیا وہاں قیاس سے بھی کام لیا گیا ہے۔ مثلاً

طغوا: پہلے اسے فارسی، ترکی بتایا گیا ہے پھر یہ رائے نقل کی ہے کہ یہ عربی طغرہ سے ماخوذ ہے جس کا مادہ طغر ہے جو کہیں نہ کہیں دفرے ماخوذ ہے جس کے معنی دباؤ ڈالنا، آگے ڈھکیلنا ہے۔ (ص ۷۵۲)

ڈکشنری کی تدوین کے لیے اردو اور ہندی کی ادبی کتابوں میں مستعمل الفاظ کی شمولیت سے اسے ایک مستند اور جامع اردو انگریزی لغت کی حیثیت حاصل ہے۔

اس کے دیباچہ میں وجہ تالیف بیان کی گئی ہے۔ (دیباچہ ص ۷)

۱۵۰- اردو انگریزی لغت
Urdu- English Dictionary

مؤلف : انڈرس۔ ایچ
سنِ اشاعت : ۱۸۶۹ء (ساتواں ایڈیشن)
ناشر : کلکتہ اسکول بک سوسائٹی، کلکتہ
مطبع : بپٹیسٹ مشن پریس، کلکتہ

(بحوالہ۔ ک۔ ل۔ ا۔ ص ۳۸)

۱۵۱- اردو انگریزی لغت

مؤلف :
سن اشاعت : ۱۹۵۰ء
ناشر : فیروز سنز، لاہور
مطبع : فیروز پرنٹنگ ورکس لاہور
صفحات : ۸۳۱ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۵۳)

۱۵۲- اسٹوڈنٹس اسٹینڈرڈ ڈکشنری
The Student's Standard English-Urdu Dictionary

مؤلف : مولوی عبد الحق
سنِ اشاعت : ۱۹۷۴ء (دسویں اشاعت)
ناشر : انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی
مطبع : انجمن پریس کراچی
صفحات : ۴ + ۱۴۲۲ + ۱۱ + ۱۹

اس پر مختصر پیش لفظ از مولوی عبد الحق اور دسویں اشاعت (حرفے چند) از جمیل الدین عالی معتمد اعزازی انجمن (تین صفحات زائد) اور آخر میں دو ضمیمے (ص ۱۱ + ۱۹) شامل ہیں ۱۹۸۲ کا ایڈیشن بھی اسی کے مطابق ہے۔ انجمن نے اس کا دوسرا نظرثانی و اضافہ شدہ ایڈیشن ۱۹۵۰ء میں شائع کیا تھا۔

(ک۔ ل۔ ا۔ ص ۴۹)

۱۵۳۔ اسٹوڈنٹس پرکٹیکل ڈکشنری

The Student's Practical Dictionary

سنِ اشاعت: ۱۹۵۲ء (دوسرا ایڈیشن)

ناشر : رام نارائن لال پبلشر اینڈ بک سیلر، الہ آباد

مطبع : نیشنل پریس، الہ آباد

صفحات : ۷۱۰ + ۱۴

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

انگریزی سے انگریزی اور اردو کی لغت جس کے ساتھ لاطینی اور گریک الفاظ اور ضرب الامثال کی فہرست اور اس کے متبادل انگریزی اور اردو کے محاورات و ضرب الامثال بھی شامل ہیں۔ (ک۔ل۔ا ص ۳۵)

۱۵۴۔ اسٹوڈنٹس ہوم ڈکشنری

The Student's Home Dictionary

سنِ اشاعت: ۱۹۴۹ء (پانچواں ایڈیشن)

ناشر : رام نارائن لال پبلشر اینڈ بک سیلر، الہ آباد

مطبع : نیشنل پریس، الہ آباد

صفحات : ۹۸۰

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

اس میں اردو الفاظ کے انگریزی میں معنی دیے گئے ہیں۔ (ک۔ل۔ا ص ۳۶)

۱۵۵۔ اسٹوڈنٹس ہینڈی ڈکشنری

سنِ اشاعت: ۱۹۴۷ء

ناشر : رام نارائن لال پبلشر اینڈ بک سیلر، الہ آباد

مطبع : نیشنل پریس، الہ آباد

صفحات : ۹۳۱

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

انگریزی سے انگریزی اور اردو طلباء کے عام استعمال کے لیے۔ (ک۔ل۔ا ص ۳۶)

۱۵۶- اسٹینڈرڈ انگلش اردو ڈکشنری
The Standard English-Urdu Dictionary

مؤلف : مولوی عبدالحق، بابائے اردو
سن اشاعت : ۱۹۳۷ء (بار اوّل)
ناشر : کے۔ آر دتتا پروپرائٹر ڈکشنریز پبلیکیشن، دہلی ۶
مطبع : شام آفسیٹ لیتھو پریس، دہلی
صفحات : ۱۵۱۳+۶ سائز : "۶x"9
مخزونہ : لائبریری جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی

اس کے دیباچہ میں مؤلف نے اس لغت کی ضرورت اور طریق کار پر روشنی ڈالی ہے۔ انگریزی الفاظ و محاورات کے متبادل اردو زبان سے تلاش وتحقیق کے بعد لکھے گئے ہیں جہاں اردو زبان میں متبادل نہیں ملے وہاں مؤلفِ لغت نے خود وضع کر لیے ہیں مثلاً Colour blindness کے لیے "رنگوندہ" اور Absent کے لیے "غائب باش" وغیرہ۔ انگریزی الفاظ کے معانی کے نازک فرق کو اردو مترادفات سے ظاہر کیا گیا ہے آخر میں ایک ضمیمہ بھی شامل ہے اصولِ ترتیب کے لیے کنسائز آکسفورڈ ڈکشنری کی پابندی کی گئی ہے۔

۱۵۷- انجمن کی اردو۔ انگریزی لغت

مؤلف : مولوی عبدالحق، بابائے اردو
سن اشاعت : ۱۹۷۷ء
ناشر : انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی
مطبع : انجمن پریس، کراچی
صفحات : ۱۰۲۸+۱۴
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

پہلا ایڈیشن کے عنوان سے جمیل الدین عالی نے اس لغت کی تالیف کی تاریخ اور منصوبے پر روشنی ڈالی ہے۔ (ک۔ل۔ا۔ص۵)

۱۵۸۔ انگلش۔ اردو ڈکشنری

مؤلف : ڈاکٹر ایس۔ ڈبلیو۔ فیلن
سن اشاعت : ۱۹۷۶ء (باراول۔ پاکستانی ایڈیشن)
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : شمیم پبلیکیشنز، لاہور
صفحات : ۲۴+۱۱۰۶
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

اس لغت کا پہلا ایڈیشن ۱۹۲۷ء میں گلاب سنگھ اینڈ سنز نے مفید عام پریس لاہور سے چھپوا کر شائع کیا تھا۔ زیر نظر ایڈیشن میں مندرجہ ذیل تحریرات شامل ہیں پری فیس انگریزی: از ایم ڈی فیلن ص ۸، تعارف (لغات و مؤلف): از اکرام چغتائی ص ۹ تا ۱۸ عرض ناشر: از اشفاق احمد ڈائرکٹر بورڈ ص ۱۹ تا ۲۲ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۵۴)

۱۵۹۔ انگریزی اردو قانونی و تجارتی لغات

(AN English-Hindustani Law and Commercial Dictionary)

مؤلف : ڈاکٹر ایس۔ڈبلیو۔ فیلن
سن اشاعت : ۱۸۵۸ء
مطبع : کلکتہ
مخزونہ : ادارہ مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد

ایسے الفاظ و محاورات پر مشتمل لغت جو دیوانی، فوجداری، مالیاتی اور تجارتی معاملات میں مترجموں اور قانون دانوں کی مدد کرتے ہیں اس لغت کا ایک ایڈیشن بنارس سے ۱۸۷۹ء میں اور دوسرا یہیں سے ۱۸۸۸ء میں لالہ فقیر چند کی نظر ثانی کے ساتھ شائع ہوا تھا۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۵۴)

۱۶۰۔ انگلش اردو ڈکشنری

مؤلف :

سنِ اشاعت : ۱۹۵۰ء

ناشر : فیروز سنز لاہور

مطبع : فیروز پرنٹنگ ورکس، لاہور

یہ ڈکشنری پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں تھی اب دستیاب نہیں ہوئی معلومات کیٹلاگ کارڈ سے اخذ کی گئیں۔ (ک۔ل۔ا۔ ص ۵۳)

۱۶۱۔ انگریزی سے انگریزی اور اردو لغت

(English to English and Urdu Dictionary)

ناشر : فیروز سنز لمیٹڈ لاہور

سنِ اشاعت : ۱۹۷۵ء (چوتھا ایڈیشن)

مطبع : فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور

صفحات : ۱۱۲۴

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اس ڈکشنری کا یہ نیا ایڈیشن ہے اس کے دو ایڈیشن ۱۹۷۳ء اور ۱۹۷۴ء میں شائع ہوئے اور اس سے پہلے بھی متعدد ایڈیشن شائع ہو چکے ہیں (ک۔ل۔ا۔ ص ۵۳)

۱۶۲۔ اورئنٹل انٹرپریٹر

(Oriental Interpreter)

مؤلف : جے۔ ایچ۔ اسٹاک کیولر

ناشر : سی ہکاکس، لندن

صفحات : ۴ + ۳۰۴

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

ہندوستانی زبان کے الفاظ رومن رسم الخط میں اور ان کے معانی و تشاریح انگریزی زبان میں ہے۔ آخر میں (ص: ۲۴۴ تا ۳۰۴) برصغیر کے شہروں کے عرض بلد، طول بلد، فاصلوں کی پیمائش، مختلف ملکوں کے سکوں، پیمانوں وغیرہ کے بارے میں معلومات جمع کر دی ہیں۔ (ک۔ل۔ا۔ ص ۳۶)

۱۶۳- ایڈوانسڈ ٹوینٹیتھ سینچری ڈکشنری
(Advanced Twentieth Century Dictionary)

مؤلف : بشیر احمد قریشی
سنِ اشاعت : ۱۹۹۴ء
ناشر : ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی
مطبع : الفا پرنٹرس، دریا گنج، نئی دہلی
صفحات : ۸+۸۰۰ سائز : "۲/۱ ۷ × "۴/۳ ۹ قیمت : ۱۲۵ روپے
مخزونہ : کتب خانہ، ایجوکیشنل پبلشنگ ہاؤس، دہلی

اس کو ڈاکٹر عبدالحق (پروفیسر دہلی یونیورسٹی) نے نظر ثانی اور اضافوں کے ساتھ پیش کیا ہے جس میں تقریباً پینتیس ۳۵ ہزار انگریزی الفاظ اور پچیس ۲۵ ہزار انگریزی محاورات و ضرب الامثال کی آسان اور عام فہم انگریزی اور اردو زبان میں تشریح کی گئی ہے جس میں معانی کے ہر ہر پہلو کی تشریح اور بے شمار مترادفات کا فرق متعین کیا گیا ہے۔ جدید سائنسی علوم اور علمی اصطلاحات کی جا بجا تشریح اور تصاویر کی دل کشی نے اس کی افادیت بڑھا دی ہے۔

۱۶۴- اینگلو انڈین ڈکشنری

مؤلف : جارج کلیفورڈ، وائٹ ورتھ
سنِ اشاعت : ۱۸۸۵ء صفحات : ۱۶+۳۵۱
ناشر : کیگن پال ٹرنچ اینڈ کو، لندن
مطبع : ولیم کلاوز اینڈ سنز لمیٹڈ، لندن
مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

ہندوستانی الفاظ رومن رسم الخط میں اور معنی انگریزی زبان میں لکھے گئے ہیں (ک ل ا۔ ص ۵)

۱۶۵- اینگلو رومن اردو ڈکشنری

ناشر و مطبع : نول کشور پریس، لکھنؤ
سنِ اشاعت : ۱۸۹۸ء صفحات : ۱۱۲۲

انگریزی اردو ڈکشنری جس میں اردو الفاظ کو رومن رسم الخط میں بھی لکھا گیا ہے (ک ل ا ص ۵)

۱۶۶۔ **بیسک ورڈس**

(The Basic Words)

مؤلف : سی۔ کے اوگڈن

ناشر : آرتھولوجیکل انسٹی ٹیوٹ (انڈیا) بمبئی

مطبع : ٹائمز آف انڈیا پریس، بمبئی

صفحات : ۷ + ۳۱۱

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

انگریزی کے بنیادی الفاظ اور ان کا اردو ترجمہ۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۳۹)

۱۶۷۔ **پاپولر انگلش۔ اردو ڈکشنری**

(The Popular English-Urdu Dictionary)

مؤلف : ڈاکٹر عبدالحق، بابائے اردو

سنِ اشاعت : ۱۹۵۷ء (پہلا ایڈیشن)

ناشر : انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

مطبع : انجمن پریس، کراچی

صفحات : ۴۳۳

مخزونہ : کتب خانہ خاص، انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

یہ انجمن کی اسٹوڈنٹس ڈکشنری کا خلاصہ ہے اس میں سے متروک الفاظ اور مخصوص فنی اصطلاحات کو مختص کر دیا گیا ہے۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۳۹)

۱۶۸۔ **پاکٹ انگلش۔ اردو ڈکشنری**

(Pocket English-Urdu Dictionary)

مؤلفین : پروفیسر ایچ۔ آئی۔ سیانی و اے۔ ڈی شاہانی

ناشر : اسکول اینڈ کالج بک اسٹال، بمبئی

مطبع : یونین پرنٹنگ پریس، بمبئی

صفحات : ۱۰۲۸ مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اسکول، کالجوں کے طلباء کے لیے تالیف کی گئی۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۴۰)

۱۶۹۔ **پریکٹیکل ڈکشنری**

(The Practical Dictionary)

مؤلف : بشیر احمد قریشی

ناشر : کتابستان پبلشنگ کمپنی، لاہور

مطبع : مسلم پرنٹنگ پریس لاہور

صفحات : ۸ + ۷۹۲

مخزونہ : کتب خانہ خاص، انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

بتیس[۳۲] ہزار انگریزی الفاظ اور چوبیس[۲۴] ہزار محاورات پر مشتمل انگریزی سے اردو کی لغت۔ نظرثانی شدہ ایڈیشن۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۳۹)

۱۷۰۔ **رائل انگریزی۔ہندوستانی لغات**

(The Royal Dictionary English-Hindustani)

مؤلف : کریون تھامس (Craven, Thomas)

سنِ اشاعت: ۱۹۱۱ء

مطبع : میتھوڈسٹ پبلشنگ ہاؤس، لکھنؤ

صفحات : ۲۵۵ حصّہ اول، ۳۴۳ حصّہ دوئم

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اس کا حصّہ اول؛ انگریزی سے انگریزی اور ہندوستانی اور حصّہ دوئم؛ ہندوستانی سے ہندوستانی اور انگریزی پر مشتمل ہے۔ اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۹۳ء میں لکھنؤ ہی سے شائع ہوا تھا۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۴۲)

۱۷۱۔ **سرتاج اسٹینڈرڈ اسٹوڈنٹس پریکٹیکل ڈکشنری**

مؤلف : جی۔ ایس۔ جیلانی

ناشر : سرتاج بک ڈپو، لاہور

صفحات : ۹۵۲

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری لاہور

انگریزی سے انگریزی اور اردو کی لغت۔ (ک۔ ل۔ ا۔ ص ۴۴)

۱۷۲۔ **فرہنگِ فرنگ**

مؤلف : سید زاور حسین

سنِ اشاعت : ۱۸۸۷ء

مطبع : بستان مرتضوی، لکھنو

صفحات : ۱۱+۱۳۱

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

اس میں انگریزی الفاظ و اصطلاحات کی تشریح اردو میں کی گئی ہے آخر میں انگریزی ہندسے، سکے، ناپ تول کے انگریزی پیمانے نیز ریاضی اور تحریرو کتابت کی علامات و اشارات بھی شامل کی گئی ہیں۔ ابتدا میں اضافی صفحات میں مؤلف کا دیباچہ ہے (ص: ۲ تا ۱۱)۔ (ک۔ل۔ا۔ ص۴۶)

۱۷۳۔ **ماڈرن آکسفورڈ پریکٹیکل ڈکشنری**

(Modern Oxford Practical Dictionary)

مؤلف : اعجاز الحق عرف مکھن میاں

سنِ اشاعت : بعد از ۱۹۴۷ء

ناشر : کھوسلہ الیکٹرک پرنٹنگ پریس، لاہور

مطبع : مکھن پبلشنگ ہاؤس، لاہور

صفحات : ۸۹۴

اردو سے انگریزی ڈکشنری۔(ک۔ل۔ا۔ص۴۴)

۱۷۴۔ **ممتاز پریکٹیکل ڈکشنری**

مؤلف/ناشر : اشرف برادرز

ناشر : قمر پبلی کیشنز، لاہور

مطبع : رشید آرٹ پریس، لاہور

صفحات : ۵۷۴

مخزونہ : غالب لائبریری ادارہ یادگار غالب، کراچی

صفحہ اول پر پبلشر کی جگہ اشرف برادرز کا نام درج ہے لیکن پرنٹ لائن میں

قمر علی کینسز کا نام درج ہے اصل ڈکشنری صفحہ ۵۶۳ پر ختم ہو جاتی ہے بعد میں اردو ضرب الامثال کے متبادل انگریزی "پرو وربس" ہیں۔ آخری ضرب المثل "چوری کا گڑ میٹھا" ہے۔ (ک۔ل۔ا۔ ص۳۸)

۱۷۵۔ نیو انگلش۔ ہندوستانی ڈکشنری

(A New English-Hindustani Dictionary)

مؤلف : ڈاکٹر ایس۔ ڈبلیو۔ فیلن

سن اشاعت : ۱۸۸۳ء

مطبع : میڈیکل ہال پریس، بنارس

صفحات : ۶۷۴ + ۴

مخزونہ : اردو ڈکشنری بورڈ کراچی

اس کی تکمیل سے قبل فیلن کا انتقال ہو گیا تھا اس لیے تکمیل اس کے معاونین لالہ فقیر چند، لالہ چرنجی لال، لالہ ٹھاکر داس، لالہ جگن ناتھ اور مسٹر واٹلنگ نے کی یہ لغت اسی لندن سے بھی شائع ہوئی تھی۔ (ک ل ا ص۵۳)

۱۷۶۔ نیو ہندوستانی۔ انگلش ڈکشنری

(A New Hindustani-English Dictionary)

مؤلف : ڈاکٹر ایس۔ ڈبلیو۔ فیلن

سن اشاعت : ۱۸۷۹ء

ناشر : لزارس کمپنی بنارس و لندن

مطبع : میڈیکل ہال پریس، بنارس

صفحات : ۲۴ + ۱۲۱۴ + ۹

مخزونہ : رضا ڈگری کالج لائبریری، رام پور

ہندوستانی الفاظ کا تلفظ ہندی میں رسم الخط میں بھی دیا گیا ہے۔ معنی کی سند میں ہندوستانی ادب اور عوامی حصوں کی مثالوں کو پیش کیا گیا ہے آخر کے اضافی صفحات میں صحت نامہ درج ہے۔

۱۷۷- نیو رائل پرشین انگلش ڈکشنری
(A New Royal Persian-English Dictionary)

مؤلف : ڈاکٹر ایس۔ سی۔ پال
سنِ اشاعت : ۱۹۳۲ء (تیسرا ایڈیشن)
ناشر : رام نارائن لال پبلشر اینڈ بک سیلر، الہ آباد
مطبع : نیشنل پریس، الہ آباد
صفحات : ۵۱۲
مخزونہ : غالب لائبریری ادارہ یادگار غالب، کراچی

"پرشین" سے مؤلف کی مراد "اردو" ہے۔ (ک ل ا۔ ص۳۳)

۱۷۸- ہندوستانی اور انگریزی کی لغت
(Dictionary, Hindustani and English)

مؤلف : کیپٹن جوزف ٹیلر
سنِ اشاعت : ۱۸۰۸ء
مطبع : ہندوستانی پریس، کلکتہ
صفحات : ۸۴۳
مخزونہ : اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی

یہ ڈکشنری کیپٹن جوزف ٹیلر نے ۱۸۰۵ء میں اپنے ذاتی استعمال کے لیے مرتب کی تھی بطور فرہنگ ڈاکٹر ولیم ہنٹر نے اسے شائع کرا دیا تھا۔

۱۷۹- ہندوستانی اور انگریزی لغت
(A Dictionary Hindustani and English)

مؤلف : ولیم ییٹس (William Yates)
سنِ اشاعت : ۱۸۴۸ء
مطبع : بپٹیسٹ مشن پریس، کلکتہ صفحات : ۱۹+۵۸۹
مخزونہ : اردو ڈکشنری بورڈ، کراچی

یہ لغت اسی سال لندن سے بھی شائع ہوئی تھی۔ (ک ل ا۔ ص۵۹)

۱۸۰۔ ہندوستانی ۔ انگریزی اور انگریزی۔ ہندوستانی لغت
(Dictionary, Hindustani-English, English-Hindustani)

مؤلف : ڈنکن فوربس
سنِ اشاعت: ۱۹۶۸ء (سینچری ایڈیشن)
ناشر : علمی مجلس، دہلی
مطبع : لکچھمی پرنٹنگ ورکس، دہلی
صفحات : ۱۲+۸۰۲ حصہ اول، ۳۱۸ حصہ دوئم
سائز : "۷×"۴/۳ ۹ قیمت : ۵۰ روپیے
مخزونہ : لائبریری رضا ڈگری کالج، رام پور

یہ لغت پہلی مرتبہ ۱۸۴۸ء میں، مطبع: جے۔ایچ کاکس برادرز، لندن، ناشر: ایچ۔ ایلن اینڈ کو، لندن سے شائع ہوئی تھی۔
اس کے پہلے حصے (ہندوستانی۔انگریزی) میں اصل ہندوستانی الفاظ فارسی رسم الخط میں حروفِ تہجی سے درج کیے گئے ہیں فارسی رسم الخط کے ساتھ سبھی اندراجات کو دیوناگری رسم الخط میں بھی لکھا گیا ہے اور تلفظ انگریزی رسم الخط میں سمجھایا گیا ہے معنی کی وضاحت انگریزی میں کی گئی ہے۔ الفاظ کے ماخذ یعنی ان کے عربی، فارسی یا ہندی اصل کی طرف ع، ف یا ہ سے اشارہ کر دیا گیا ہے۔
اس کے دوسرے حصے (انگریزی۔ ہندوستانی) میں انگریزی الفاظ کے معانی اردو میں رومن رسم الخط میں دیے گئے ہیں۔ ایک لفظ کے لیے اردو کے متعدد مترادفات دیے گئے ہیں۔
اس کے ایک نئے ایڈیشن کے متعلق معلومات مندرجہ ذیل ہیں:
ناشر: اتر پردیش اردو اکادمی، لکھنؤ، سنِ اشاعت: ۱۹۸۷ء (پہلا اکادمی ایڈیشن)
مطبع: میسرس وجیتا آفسیٹ پرنٹرس، نئی دہلی۔ صفحات: ۸+۸۰۲ حصہ اول، ۳۱۸ حصہ دوئم کل ۱۱۲۸۔ قیمت: ۱۱۲ روپیے

۱۸۱۔ ہندوستانی اور انگریزی لغت

(Dictionary of Hindustani and English)

مؤلف : جان شیکسپیر

سنِ اشاعت : ۱۸۳۴ء (تیسرا ایڈیشن)

مطبع : جے۔ ایل۔ کاکس اینڈ سنز، لندن

صفحات : ۲۲۰۹ + ۳

مخزونہ : کتب خانہ خاص، انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

ہندوستانی الفاظ کو فارسی رسم الخط میں لکھ کر، رومن رسم الخط میں ان کا تلفظ بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد انگریزی میں معنی دیے گئے ہیں۔ اس لغت میں صفحات کے نمبروں کی بجائے کالموں کے نمبر دیے گئے ہیں ہر صفحے میں دو کالم ہیں کالم ۱۹۰۰ پر لغت ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد اضافہ ہے جو الفاظ محاورں اور ان کے معنی پر مشتمل ہے۔ یہ اضافہ کالم ۲۰۵۲ پر ختم ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد انگریزی الفاظ اور محاورے ہیں اور ان کے سامنے لغت کے کالم کے نمبر دیے گئے ہیں (۲۰۵۳ تا ۲۲۰۹)

اس کا پہلا ایڈیشن ۱۸۱۷ء میں، دوسرا ۱۸۲۴ء میں اور چوتھا ۱۸۴۹ء میں شائع ہوا تھا۔ ۱۸۳۴ء کے تیسرے ایڈیشن کے مطابق اس کا ایک ایڈیشن ۱۹۸۰ء میں سنگ میل پبلی کیشنز لاہور نے منظور پرنٹنگ پریس لاہور سے شائع کیا۔ (ک۔ل۔ا۔ ص ۴۲)

۱۸۲۔ ہندوستانی اور انگریزی لغت

(A Dictionary of Hindustani and English)

مؤلف : ولیم اسمتھ کارمائیکل (W.1. Carmichael)

سنِ اشاعت : ۱۸۲۰ء **صفحات** : ۸ + ۸۶۴

مطبع : ڈبلیو بلمر اینڈ ڈبلیو نیکول، لندن

مخزونہ : کتب خانہ خاص، انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اصل لغت ۷۸۴ پر ختم ہو جاتی ہے اس کے بعد اردو کے محاورات ان کے معنی و تشریح اور استعمال ۷۸۵ سے شروع ہو جاتے ہیں۔ آخر کے صفحات کم ہیں (ک۔ل۔ا۔ ص ۵۵)

اردو سے ہندی
ہندی سے اردو

۱۸۳۔ اردو ہندی ڈکشنری

ناشر : انجمن ترقی اردو (ہند) نئی دہلی

سن اشاعت : ۱۹۵۵ء (اشاعت اوّل)

مطبع : جے۔ کے۔ آفسیٹ پریس، دہلی

صفحات : ۱۲ + ۸۳۸ سائز: "۸½ × "۵½ قیمت: ۵۰ روپیے

مخزونہ : لائبریری جواہر لال نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی۔

اس میں اردو الفاظ کے ہندی مترادفات جمع کیے گئے ہیں مترادفات کے انتخاب میں ہندی کے وہی الفاظ لیے گئے ہیں جو عموماً سرکاری دفتروں، ہندی اخباروں اور آل انڈیا ریڈیو پر استعمال ہوتے ہیں۔ اس میں اردو اور ہندی الفاظ کے تلفظ کو ادا کرنے میں رومن رسم الخط سے بھی مدد لی گئی ہے۔ اردو الفاظ کا انتخاب زیادہ تر نور اللغات اور فرہنگ آصفیہ سے کیا گیا ہے اور ہندی مترادفات کے لیے مندرجہ ذیل ہندی لغات سے مدد لی گئی ہے:

ہندی شبد ساگر (ناگری پرچارنی سبھا)، برہت ہندی کوش (گیان منڈل، بنارس)، آدرش ہندی شبد کوش (پنڈت رام چندر پاٹھک)، شبد ارتھ پارجات (پنڈت دوارکا پرشاد)، بھاشا شبد کوش (ڈاکٹر رام چندر شکل) آنگل بھارتی مہاکوش (ڈاکٹر رگھو ویر) امرکوش، سسکرت اور ہندی۔ اردو، اردو ہندی لغت (مولوی امام الدین) وغیرہ۔

سنسکرت کے غیر مانوس الفاظ کو جگہ نہیں دی گئی ہے۔ ہندی اور اردو کے وہی الفاظ شامل لغت ہیں جو زبان کا حصّہ ہیں۔

۱۸۴۔ اردو۔ ہندی شبد کوش

مؤلف : محمد مصطفیٰ خاں، مدّاح
سن اشاعت : 1959ء (بار اوّل)
ناشر : بھگوتی شرن سنگھ، سچو ہندی سمتی، اتر پردیش
مطبع : بھارگو بھوشن پریس، وارانسی
صفحات : ۴+۷۵۵ **سائز**: "۹¾ × "۷½ **قیمت**: ۱۶ روپیے
مخزونہ : لائبریری رضا ڈگری کالج، رام پور۔ (U.R. ۲۵)

یہ لغت اردو پریمی ہندی داں طبقے کے لیے تالیف کی گئی تھی۔ اس میں عربی، فارسی اور ترکی وغیرہ کے وہ تمام الفاظ جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو فی زمانہ اردو زبان میں رائج ہو گئے تھے۔ بقول مؤلف اس سے قبل اس نوعیت کی کوئی لغت شائع نہیں ہوئی تھی جو تھیں وہ نہایت چھوٹی اور ادھوری

اس لغت میں اردو الفاظ کو اصل بنیاد بنا کر پہلے انہیں دیوناگری رسم الخط میں درج کیا گیا ہے بعد کو قوسین میں اردو رسم الخط میں لکھا گیا ہے ہر اندراج کے ساتھ اس کے ماخذ کی نشان دہی کی گئی ہے اور اس کی تذکیر و تانیث کو بھی واضح کیا گیا ہے۔ پوری لغت میں ہندی حروفِ تہجی کا اہتمام رکھا گیا ہے تلفظ کے فرق کی خاص طور پر وضاحت کر دی گئی ہے مثلاً

"असीर" یہ لفظ اردو میں پانچ طرح سے لکھا جاتا ہے اور سب کے معنی الگ ہوتے ہیں۔ ۱۔ اسیر: قیدی ۲۔ اثیر: خالص ۳۔ عسیر: مشکل ۴۔ عصیر: انگور کا شیرا اور ۵۔ عثیر: دھول

ایسے موقعوں پر مؤلف نے ہندی رسم الخط کے ساتھ اردو رسم الخط کا ہونا بے حد ضروری سمجھا ہے اور دیباچہ میں اس کی وضاحت بھی کر دی ہے۔

۱۸۵۔ اردو - ہندی کوش

مؤلف : رام چند ورما
سن اشاعت : ۱۹۳۶ء (پہلا ایڈیشن)
ناشر : ہندی گرنتھ رتناکر، بمبئی
مطبع : نیو بھارت پرنٹنگ پریس، بمبئی
صفحات : ۲۰ + ۱۹۴
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

تذکیر و تانیث، واحد جمع، اور اسم صفت وغیرہ کی وضاحت کے ساتھ اس لغت کو ترتیب دیا گیا ہے اردو الفاظ ہندی رسم الخط میں لکھے گئے ہیں۔ (ک۔ ل۔ا۔ ص ۸۳)

۱۸۶۔ اردو - ہندی لغت

مؤلف : ابو محمد امام الدین
سن اشاعت : ۱۹۴۸ء
ناشر : علمی بک ڈپو، بنارس
مطبع : علمی پریس مقیم گنج، بنارس
صفحات : ۶۸ + ۸ سائز: ″۴½ × ″۶¼
مخزونہ : لائبریری رضا ڈگری کالج رام پور

اس مختصر لغت میں اردو الفاظ کے معنی کی جگہ ہندی کے مترادفات دیونا گری رسم الخط میں درج کیے گئے ہیں

انہی اصول و ضوابط پر مؤلف کی ایک اور "ہندی۔ اردو لغت" ہے۔ ناشر: فہرست کتب دانش محل، لکھنؤ۔

۱۸۷۔ **بھاگیرت کوش** (اردو۔ ہندی)

مؤلف : پنڈت دینا ناتھ کول

مطبع : نول کشور پریس، لکھنؤ

صفحات : ۲۲۵

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اردو سے ہندی کی لغت ہے جس میں اردو الفاظ کا ہندی میں تلفظ بتا کر ہندی میں معنی دیے گئے ہیں۔ (ک۔ل۔ا۔ ص۸۳)

۱۸۸۔ **ہندی۔ اردو لغت** (ہندی کی نئی ڈکشنری)

مؤلف : فیاض حسین جامعی

سن اشاعت : ۱۹۸۹ء (پانچواں ایڈیشن)

ناشر : ایجوکیشنل بک ڈپو، دہلی

مطبع : لاہوتی پریس، دہلی

صفحات : ۲۵۲ **قیمت** : ۱۴ روپے

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۹۱)

ہندی الفاظ کا تلفظ پہلے اردو رسم الخط میں، پھر ہندی رسم الخط میں بتا کر اردو میں معنی دیے گئے ہیں۔ ابتدا میں ایک مضمون ہندی حروف کی خصوصیات پر مشتمل ہے جس سے ہندی حروف کے متعلق معلومات فراہم ہوتی ہے یہ ڈکشنری اردو داں طبقے اور خصوصاً ہندی کے طلباء کے لیے بے حد کارآمد ہے۔

۱۸۹۔ **ہندی۔ اردو لغت**

مؤلف : راجہ راجیشور راؤ، اصغر

سن اشاعت : ۱۹۳۸ء

مطبع : فائن آرٹ پریس، حیدرآباد

صفحات : ۴ + ۶۹۴ **قیمت** : ۸۰ ؍۷ روپے

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف ۳۹)

یہ اردو (فارسی عربی وہندی کی ایک معتبر، مستند، جامع ادبی وعلمی لغت ہے جو ہجائی ترتیب سے، تاریخی بنیاد پر عام فہم اردو زبان میں لکھی گئی ہے اعراب، تلفظ، ماخذ، قواعد اور مذکر مونث کی وضاحت کے ساتھ اندراج کیا گیا ہے۔ ہندی الفاظ کو اردو رسم الخط میں درج کیا گیا ہے اور اردو میں مترادفات اکٹھا کر دیے گئے ہیں۔

۱۹۰۔ ہندی کلاسیکل ڈکشنری

مؤلف : دیوی سہائے
سن اشاعت : ۱۸۹۴ء
ناشر : کارخانہ پیسہ اخبار، لاہور
مطبع : خادم التعلیم پنجاب، لاہور
صفحات : ۳۰۳
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان)، کراچی

دیوتاوں اور اوتاروں کے ویدک اور پورانک حالات اور راکششوں، رشیوں، راجاؤں اور مصنفوں کے پورانک سوانحات عمری دیباچے (۱۸۸۸ء) میں مؤلف نے اس لغت کی اہمیت اور اصول تالیف وغیرہ پر روشنی ڈالی ہے اور اس کے بعد ضروری قواعد اور سنسکرت و فارسی کے حروف تہجی کا تقابلی جدول پیش کیا ہے۔ اسماء اردو میں مع سنسکرت رسم الخط درج ہیں۔ ان کا تعارف و وضاحت اردو میں ہے۔
(ک۔ ل۔ ا۔ ص ۸۳)

اردو اور ہندو پاک
کی
صوبائی و علاقائی زبانوں کی لغات

۱۹۱۔ اٹوٹ لسانی رابطہ

مؤلف : پریشان خٹک و بردل خان خٹک و مولوی محمد اسحاق
سن اشاعت : ۱۹۷۷ء
ناشر : پشتو اکیڈمی پشاور
مطبع : فرمان علی پرنٹرز لاہور
صفحات : ۱۹۲
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

اردو، سندھی، پشتو، پنجابی، بلوچی اور انگریزی کے مشترک الفاظ کی فرہنگ۔ بنیاد اردو الفاظ کو بنایا گیا ہے۔ پیش لفظ از مولفین (ص ۵ تا ۷) اصل لغت (ص: ۹ تا ۱۹۲)

۱۹۲۔ اردو۔بلوچی لغت

مؤلف : پٹھان خان مری و عطا شاد
سنِ اشاعت : ۱۹۷۲ء
ناشر : مرکزی اردو بورڈ لاہور
مطبع : مطبع عالیہ، لاہور
صفحات : ۸ + ۷۶۸
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

۱۹۳۔ اردو۔ پشتو لغت

مؤلف : سید انوار الحق
جلد اوّل : ۱۹۷۰ء، (الف تا ڈ) صفحات: ۶ + ۱۳۴۴
،، دوئم : ۱۹۷۳ء، (ڈ تا ی) ،، : ۱۳۴۵ تا ۲۶۳۴
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : خیبر میل پریس، پشاور

مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

یہ لغت مولانا عبدالقادر کے زیر نگرانی مرتب کی گئی ہے جس میں تقریباً ستر ہزار الفاظ ہیں۔ پیش لفظ از مؤلف پشتو اور اردو دونوں زبانوں میں ہے۔ (ص ۱ تا ۵)۔

۱۹۴۔ اردو۔ پنجابی لغت

مؤلف : ارشاد احمد پنجابی
سن اشاعت: ۱۹۷۴ء
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : زرین آرٹ پریس، لاہور
صفحات : ۶ + ۱۰۹۴
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

اس لغت پر نظرثانی کا کام ممتاز مفتی اور عبدالمجید بھٹی نے کیا
دیباچہ از اشفاق احمد ص: ہ، و۔ مخففات ص: ز، ح

۱۹۵۔ اردو۔ تلگو لغت

مؤلف : ڈاکٹر راما راجو
سن اشاعت: ۱۹۶۲ء
ناشر : انجمن ترقی اردو حیدرآباد، آندھرا پردیش
مطبع : انتخاب پریس، حیدرآباد
صفحات : ۱۰+۵۰۷ **سائز**: "۷×"۴½ **قیمت**: ۶ روپے ۶۲
مخزونہ : لائبریری، جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی۔

اس میں ان طلباء کی ضروریات کا لحاظ رکھا گیا ہے جو تلگو کو دوسری زبان کے طور پر سیکھتے ہیں۔ زیادہ تر ایسے الفاظ کا انتخاب کیا گیا ہے جو اسکولوں میں پڑھائی جانے والی عام اردو ریڈروں میں مشتمل ہیں اور ان کے ہم معنی تلگو الفاظ دیے ہیں جو عام طور پر بولے جاتے ہیں۔

۱۹۶۔ اردو۔ سندھی لغت

مؤلف : ابن الیاس

سن اشاعت : ۱۹۵۰ء

ناشر : آزاد بک ڈپو، حیدرآباد (سندھ)

مطبع : آفتاب پرنٹنگ پریس، حیدرآباد (سندھ)

صفحات : ۹+۵۳۴

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

آغاز میں آٹھ اضافی صفحات پر ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ کے قلم سے دیباچہ (ص: ۳ تا ۴) اور مؤلف کے قلم سے تمہید (ص: ۵ تا ۶) اور آخر میں اہل علم کی آراء کے علاوہ غلط نامہ شامل ہے۔ (ص: ۱ تا ۹)۔

۱۹۷۔ اردو۔ سندھی لغت

مؤلف : ڈاکٹر این۔ اے بلوچ و ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان

سن اشاعت : ۱۹۶۰ء

ناشر : سندھ یونیورسٹی بک ڈپو حیدرآباد

مطبع : سندھ یونیورسٹی پریس، حیدرآباد

صفحات : ۸+۵۹۱+۳

مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

آغاز میں نبی بخش خان بلوچ کے قلم سے سندھی زبان میں پیش لفظ ہے اور آخر میں انگریزی زبان میں پری فیس ہے جس میں لغت کی تالیف کی ضرورت طریقۂ کار اور اس کی اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے

۱۹۸۔ **پشتونامہ**

مؤلف : سید انوار الحق جیلانی
سن اشاعت : ۱۹۷۵ء
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : پیکال پرنٹرز لاہور
صفحات : ۱۵۲

پشتو ادب میں مستعمل معاشرتی، خانگی، پیشہ ورانہ، فنی، ادبی، زراعتی تعمیراتی، نباتاتی اور حیواناتی وغیرہ اصطلاحات کی وضاحتی لغت۔ (ک۔ ل۔ ص ۸)

۱۹۹۔ **تلگو۔ اردو لغت**

مؤلف : گوپال کرشنا راؤ ماسری کے
سن اشاعت : ۱۹۶۰ء
ناشر : انجمن ترقی اردو، ہند، آندھرا پردیش
مطبع : انتخاب پریس، حیدرآباد، دکن
صفحات : ۸+۲۵۹
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

اس پر پیش لفظ (از مؤلف) تلگو زبان میں اور دیباچہ (از حبیب الرحمن معتمد انجمن) شامل ہے

TH-7412

۲۰۰۔ **خیر اللغات** (پشتو۔ اردو لغت)

مؤلف : قاضی خیر اللہ
سن اشاعت : ۱۹۰۶ء
مطبع : نول کشور پرنٹنگ ورکس لاہور
صفحات : ۱۹۶ **سائز** : "۶×"۹½
مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت۔ ۳۸)

اس لغت میں افغانوں کے مختلف فرقوں کے الفاظ حروفِ تہجی سے درج کرکے ان کے اردو معنی لکھے گئے ہیں ہر لفظ کو مذکر و مونث کی نشان دہی کے ساتھ درج کیا گیا ہے۔ اعراب کا اہتمام بھی ہر جگہ ملتا ہے۔

۲۰۱۔ **سندھی۔ اردو لغت**

مؤلف : ڈاکٹر این۔ اے۔ بلوچ و ڈاکٹر غلام مصطفٰی خاں
سن اشاعت : ۱۹۵۹ء
ناشر : سندھ یونیورسٹی، حیدرآباد (سندھ)
مطبع : حیدرآباد (سندھ)
صفحات : ۸۶۶
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

شروع میں مؤلفین کا دیباچہ ہے جس میں لغت کے منصوبے کی تفصیل اور وزارتِ تعلیم حکومتِ پاکستان اور سندھ یونیورسٹی کے تعاون کا شکریہ ادا کیا ہے (ص: الف تا د) اور آخر میں صحت نامہ اور نبی بخش بلوچ کا پری فیس (انگریزی میں)

۲۰۲۔ **فرہنگ ربّانی** (اردو۔ بنگلہ)

مؤلف : ربّانی
سن اشاعت : ۱۹۵۲ء
ناشر : ربانی پبلی کیشنز
صفحات : ۶۷۱
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اس میں اردو الفاظ کو بنیاد بنا کر ان کے بنگلہ زبان میں معنی لکھے گئے ہیں۔

۲۰۳ لغاتِ دِلشادیہ

مؤلف : دلشاد کلانچوی
سن اشاعت : ۱۹۷۹ء
ناشر : سرائیکی لائبریری، بھاول پور
مطبع : ہمدرد پریس، ملتان
صفحات : ۳۸۲
مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

لغاتِ دلشادیہ کا حصّہ اول اردو سے سرائیکی پر مشتمل ہے آخری دو صفحات پر کچھ اردو سرائیکی ضرب الامثال دی گئی ہیں۔

لغاتِ دلشادیہ کا دوسرا حصّہ، سرائیکی سے اردو، سن اشاعت: ۱۹۸۱ء صفحات: ۳۸۷، مطبع: سید الیکٹرک پریس، ملتان، ناشر: سرائیکی لائبریری بھاولپور

۲۰۴ لغاتِ گجری

مؤلف : نجیب اشرف ندوی
سن اشاعت : ۱۹۶۲ء
ناشر : ادبی پبلشرز، بمبئی
مطبع : ادبی پرنٹنگ پریس، بمبئی
صفحات : ۴ + ۴ + ۵۲ + ۲۷۳
مخزونہ : پنجاب یونیورسٹی لائبریری، لاہور

پیش لفظ از اے۔ آر داڑد ص ۳ تا ۴ (اضافی) دیباچہ: از مؤلف ص: ۱ تا ۵۶ (اضافی)۔

۲۰۵۔ لغت اردو۔ تلنگی

مؤلف : آئی۔ کنڈل راؤ
سن اشاعت : ۱۹۳۸ء
ناشر :
مطبع : کمارا پریس، ورنگل، حیدرآباد، دکن
صفحات : ۲۰۴
مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

اردو الفاظ و محاورات کا تلفظ، تذکیر و تانیث، معنی اور تشریح به زبان تلنگی۔

۲۰۶۔ ہفت زبانی لغت

مؤلف : اشفاق احمد و اکرام چغتائی و فضل قادر فضلی
سن اشاعت : ۱۹۷۴ء
ناشر : مرکزی اردو بورڈ، لاہور
مطبع : مکتبہ جدید پریس، لاہور
صفحات :
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

اردو، بنگلہ، بلوچی، پشتو، پنجابی، سندھی اور کشمیری زبان کی لغت۔ اس میں بنیادی لفظ اردو کا ہے۔ پیش لفظ میں اشفاق احمد (ڈائرکٹر بورڈ) نے اس لغت کی افادیت اور طریقۂ کار پر روشنی ڈالی ہے۔ اس کے بعد لغت میں مشمولہ زبانوں کے حروف تہجی اور ان کی آوازوں کی شناخت کرائی ہے۔

اردو اور دیگر یورپی
زبانوں کی لغات

۲۰۷۔ **اردو۔ روسی لغت**

مؤلف : ظ۔ انصاری

سن اشاعت : ۱۹۶۴ء

ناشر : سویٹ انسائیکلوپیڈیا اشاعت گھر، ماسکو

صفحات : ۱۲+۸۱۰

پیش لفظ اردو (از فیض احمد فیض) ۔ (ک۔ل۔ا۔ص ۸۶)

۲۰۸۔ **جرمن۔ اردو ڈکشنری**

مؤلف : پروفیسر پولی گلوٹ

سن اشاعت : ۱۹۷۳ء

ناشر : مکتبہ القریش، لاہور

مطبع : نیو کامران پرنٹرز، لاہور

صفحات : ۱۹۹

مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگار غالب، کراچی

آغاز میں آٹھ صفحات اضافی ہیں ۔ مرتب نے پیش لفظ میں اس لغت کی افادیت اور ضرورت پر روشنی ڈالی ہے ۔ لغت کے آخر میں مختلف اوزان پیمانوں وغیرہ کے بارے میں معلومات شامل کر دی گئی ہیں ۔

۲۰۹۔ **جرمن۔ اردو لغت**

مؤلف : ڈاکٹر اقبال صدیقی

سن اشاعت : ۱۹۹۳ء

ناشر : ڈاکٹر جمیل جالبی، صدر نشین مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد

مطبع : ایس۔ ٹی۔ پرنٹرز، راولپنڈی

صفحات : ۷+۳۷۳ **سائز** : "۶¾×"۹¾ **قیمت** : ۱۳۵ روپے

مخزونہ : لائبریری جواہر لعل نہرو یونیورسٹی، نئی دہلی ۔

۲۱۰۔ لغاتِ عبرانی

مؤلف : ولیم ہوپر
سن اشاعت : ۱۸۸۰ء
ناشر : پنجاب ریلیجیئس بک سوسائٹی، الہ آباد
مطبع : مشن پریس، الہ آباد
صفحات : ۳۴۵

اس میں عبرانی الفاظ کے اردو زبان میں معنی دیے گئے ہیں۔ (ک۔ل۔ا، ص۸۶)

۲۱۱۔ لغات عبرانی

مؤلف : لزارد
سن اشاعت : ۱۸۹۰ء (غالباً)
صفحات : ۲۴۵
مخزونہ : غالب لائبریری، ادارہ یادگارِ غالب، کراچی

اس لغت کا سرورق موجود نہ ہونے مولف کا نام اور دوسری معلومات فراہم نہ ہو سکیں ایک صفحے پر "شاہزادہ میرزا محمد بخش بقلم خود جالندھر ہندوستان ۱۸۹۰ء" قلم سے لکھا ہوا ہے۔ "مقدمہ" کے عنوان سے ایک صفحہ پر استفادے کے لیے چند ہدایات درج ہیں۔

۲۱۲۔ لغت ہندوستانی۔ چیک

مؤلف : ژان تولور و ایڈالف بائز

۱۔ لغت ہندوستانی۔ چیک
۲۔ لغت چیک۔ ہندوستانی

چیکو سلواکیہ کی زبان سے متعلق لغت۔ (ک۔ل۔ا۔ ص۸۶)

۲۱۳۔ ہندوستانی - فرانسیسی اور فرانسیسی - ہندوستانی ڈکشنری

(Dictionary Hindoustani-francais et francais-Hindoustani)

مؤلف : فرانسو ڈیلونکل

سن اشاعت : ۱۸۷۵ء

ناشر : گارساں و تاسی

مطبع : پیرس

صفحات : ۳۲

گارساں و تاسی نے اس لغت کی اشاعت کے وقت پر ایک مقدمہ بھی تحریر کیا تھا - (ک۔ل۔ا۔ص ۸۵)

۲۱۴۔ یونانی - اردو لغت

مؤلف : پادری ایوزنڈ ایونگ

سن اشاعت : ۱۸۸۷ء

مطبع : لودھیانہ

(ک۔ل۔ا۔ص ۸۶)

فرہنگیں

۲۱۵۔ آئینۂ محاورات اردو

مؤلف : محمد لعل خاں

سن اشاعت: ۱۹۳۲ء (بار اول)

ناشر : پی۔ سی۔ دواداش سیریز اینڈ کمپنی، علی گڑھ

مطبع : ہیرا لال پرنٹنگ ورکس، علی گڑھ

صفحات : ۳۵۶ سائز : ۴½" × ۷"

مخزونہ : رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۶۳)

اردو زبان میں مستعمل جملہ محاورات کو حروفِ تہجی سے لکھ کر ان کے معانی اور استعمال سمجھایا گیا ہے۔ سند کے لیے شعر پیش کیے گئے ہیں۔ مثلاً

ابھی دلی دور ہے : ابھی بہت کام باقی ہے۔ کام ہے باقی بہت ضرور
ابھی ہے دلی یاں سے دور

۲۱۶۔ اختلاف اللسان

مؤلف : منشی وجاہت حسین صدیقی، وجاہت جھنجھانوی

سنِ اشاعت : ۱۹۰۶ء

مطبع : رفاہ عام اسٹیم پریس، لاہور

صفحات : ۱۲+۸۶ سائز :

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۱)

اس میں دہلی و لکھنؤ کی زبان کے الفاظ و محاورات میں املا، تذکیر و تانیث اور بعض اوقات معنی کا جو اختلاف پایا جاتا ہے اس کی وضاحت پیش کی گئی ہے مؤلف کا دعویٰ ہے کہ اس سے قبل اس مضمون پر اردو زبان میں کوئی کتاب نہیں لکھی گئی۔ آغاز میں چودہ صفحات پر دہلی و لکھنؤ کے کلام کی تاثیر میں فرق کی وضاحت اور آخر کے تین صفحات پر دہلی و لکھنؤ کی زبان میں تذکیر و تانیث کے فرق پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

۲۱۷۔ ادبی اصطلاحات کی وضاحتی فرہنگ

مؤلف : عتیق اللہ
سن اشاعت : ۱۹۹۵ء (بار اوّل)
مطبع : ثمر آفسیٹ پریس، نئی دہلی
صفحات : ۲۰۱ قیمت : ۱۰۰؍ روپیہ
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔(لغت اردو ۱۰۳)

انگریزی ادب میں مستعمل ادبی اصطلاحات کا اردو ترجمہ۔ اصطلاحات کے انتخاب کے لیے کارل بیکنس، سلوان بارنیٹ، ایم۔ایچ ابرام اور راجر فاؤلر کی ادبی اصطلاحات کی فرہنگوں سے استفادہ کیا گیا ہے انہیں فرہنگوں سے اکثر مثالیں بھی اخذ کی گئی ہیں۔ خاص طور پر جے۔ اے۔ کڈون کی ادبی اصطلاحات کی فرہنگ نے اس کا لائحۂ عمل تیار کیا ہے۔ ترتیب انگریزی حروف کی بجائے ترتیب پر قائم ہے پہلے انگریزی میں (اسی رسم الخط میں) اصطلاح درج کی ہے پھر اردو میں اس کا ترجمہ اور وضاحت۔ یہ فرہنگ کا پہلا حصّہ ہے جس میں اے سے ڈی (A to D) تک کی اصطلاحات آگئی ہیں۔

۲۱۸۔ اربع عناصر

مؤلف : مولوی محمّد ناصر علی غیاث پوری
سنِ اشاعت : ۱۹۰۷ء (بار ششم)
مطبع : مطبع نامی، منشی نولکشور، لکھنؤ
صفحات : ۶۱ سائز : "۷×"۱۰½
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔(لغت مختلف ۱)

یہ طلباء کم استعداد کے فوائد کی غرض سے تالیف کی گئی تھی جس میں اردو الفاظ کے فارسی، عربی اور انگریزی مترادفات جمع کر دیے گئے ہیں۔ اس میں حیوانات کے اعضاء، فضلات حیوانات، اسمائے اہل قرابت، اسمائے بے پر حلال، اسمائے بے پر حرام اہل حرفہ متعلقات زراعت، اقسام غلّہ، نام خورش طعام، مصالح طعام، آرائش و زیورات آسمان و دریا اور بھی بہت سے موضوعات سے متعلق لغات مع مترادفات شامل کیے گئے ہیں۔

۲۱۹۔ **اردو الفاظ شماری**

مؤلف : حسن الدین احمد
سنِ اشاعت : ۱۹۷۴ء
ناشر : ولا اکیڈمی حیدرآباد، دکن
مطبع : حیدرآباد (سلسلۂ مطبوعات ولا اکیڈمی)
صفحات : ۴۸+۶۸۷ **سائز** : "۱۱×"۸½ **قیمت** : ۱۱۵ روپیے
مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۹۳)

ابتدائی صفحات میں مؤلف نے "اردو الفاظ شماری" کے مقصد پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا ہے کہ "لفظ شماری کا مقصد زبان کی جامع لغت تیار کرنا نہیں، لغت کی تدوین میں ہر معلوم لفظ شریک کر لیا جاتا ہے، الفاظ شماری میں وہی الفاظ شامل ہوں گے جو نمائندہ ادب میں موجود ہوں۔"
اس میں سب سے پہلے اردو زبان کو دس شعبوں میں تقسیم کیا گیا ہے ۱۔ ادب (نظم) ۲۔ ادب نثر (حصّہ تنقید) ۳۔ ادب نثر (افسانوی ادب) ۴۔ سفرنامے، ترجمے روزنامچے ۵۔ سرکاری اور قانونی زبان ۶۔ تاریخ سوانح ۷۔ مذہبی کتب ۸۔ صحافت ۹۔ علمی اور بول چال کی زبان ۱۰۔ بچوں کا ادب۔ ہر شعبے کے تحت پچاس ہزار الفاظ پر مشتمل نمائندہ ادب کا انتخاب کیا گیا ہے اس طرح جملہ دس شعبوں سے پانچ لاکھ الفاظ کا ذخیرہ جمع ہو گیا ہے۔ کتاب کے آغاز میں (ص: ۵ تا ۴۷) اردو زبان کی تاریخ، آریوں کی آمد (ق م ۴۰۰۰) سے دورِ حاضر تک کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اور جن محققین کی کتابوں سے استفادہ کیا ہے ان کے حوالے اور فہرست دی ہے۔

۲۲۰۔ **اردو کے خوابیدہ الفاظ**

ناشر : مرکزی اردو بورڈ، کراچی
سنِ اشاعت : ۱۹۷۲ء
مطبع : مکتبہ جدید پریس، لاہور
صفحات : ۹۹+۴

مخزونہ : کتب خانہ خاص انجمن ترقی اردو (پاکستان) کراچی

ایسے الفاظ کی فہرست مع معانی جو اردو تحریروں میں تو اب بہت کم استعمال ہوتے ہیں لیکن پاکستان کی علاقائی زبانوں میں اظہار کا اہم حصّہ ہیں لغت کے شروع میں (ص: ۳ تا ۶) اشفاق احمد (ڈائرکٹر بورڈ) سے تعارف درج ہے (ک۔ل۔ا۔ صا۸)

۲۲۱۔ **المفرد والمرکب**

مؤلف : عبد الطیف

سن اشاعت : ۱۹۱۶ء

مطبع : ذخیرہ پریس حیدرآباد، دکن

صفحات : ۱۰۰ **سائز**: "۵½ × ۸½

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت اردو ۸۵)

اس میں فارسی زبان کے وہ الفاظ جمع کیے گئے ہیں جو بظاہر مفرد یا جامد معلوم ہوتے ہیں مگر درحقیقت مرکب ہوتے ہیں اور معنی کے اعتبار سے انہیں اصل شئے کے ساتھ عمدہ تعلق ہوتا ہے مثلاً

ناخدا۔ (ملّاح) اصل میں ناؤ خدا تھا۔ مرکب ہے۔ ناؤ بمعنی کشتی لوظ ناخدا سے واؤ تخفیفاً حذف کر دیا ہے (کشتی ران)۔ (ص۹۱، باب ن)

۲۲۲۔ **امثال**

مؤلف : میرزا سلطان احمد

سنِ اشاعت : ۱۹۱۱ء (بار اوّل)

مطبع : صادق الانوار اسٹیم پریس بہاول پور

صفحات : ۳۱۴ **سائز**: "۴½ × ۹½

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری رام پور (لغت اردو ۴۷)

اس میں اردو زبان میں مستعمل ضرب الامثال (کہاوتوں) کو جمع کر کے ان کی تعریف، وجہ تسمیہ اور تاریخی، علمی اور ادبی اہمیت واضح کی گئی ہے۔ اور

ان پر فلسفیانہ بحث کی گئی ہے (ص ۱۱ تا ۲۰۴)۔ شروع میں ایک اضافی صفحہ پر انگریزی میں "مثل" کے فلسفہ و اہمیت پر روشنی ڈالی گئی ہے اور آخر میں ۱۴۶۴ پنجابی ضرب الامثال کا ترجمہ اردو میں کیا گیا ہے۔

۲۲۳۔ **بازاری زبان و اصطلاحات پیشہ وران**

مؤلف : محمد منیر، منیر لکھنوی

سن اشاعت: ۱۹۳۰ء (بار اوّل)

مطبع : بجیری پریس، کان پور

صفحات : ۶۴ **سائز**: "۵ × "۸½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۵۳)

اس کے حصّہ اوّل میں بازاری زبان، دوسرے میں محاوراتِ عامیانہ اور تیسرے میں اصطلاحات پیشہ وران و نشہ بازان وغیرہ شامل کیے گئے ہیں۔ سبھی اندراجات کو حروف تہجی سے لکھا گیا ہے۔

۲۲۴۔ **بحر الجواہر**

مؤلف : محمد بن یوسف الطیف الہروی

سن اشاعت: ۱۹۰۷ء

مطبع : مطبع نامی، لکھنؤ

صفحات : ۲۷۴ **سائز**:

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری رام پور (لغت اردو ۱۱۳)

اس کے اندراجات کا تعلق علم طبّ سے ہے جس میں مشہور حکیموں کی مختصر سوانح عمری بھی پیش کی گئی ہے سبھی اندراجات عرب زبان میں مندرج کرکے ان کا مفہوم پہلے فارسی میں پھر اردو میں لکھا گیا ہے۔

۲۲۵- **بہارِ ہند**

مؤلف : عاشق لکھنوی، مرزا محمد مرتضیٰ عرف مچھو بیگ

سن اشاعت : ۱۸۸۸ء

مطبع : شوکت جعفری پریس، لکھنؤ

صفحات : ۳۳۶ **سائز** : "۶×"۹½

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۱۲)

فارسی کی بہارِ عجم کی طرز پر جس میں ہندوستان کے محاورے، روز مرے مثلیں اور اصطلاحیں جمع کی گئی ہیں۔ پوری فرہنگ تین حصوں میں منقسم ہے جس کے جو بیس جزو ہیں۔ پوری فرہنگ حرف الف کے اندراجات پر ختم ہو گئی ہے۔ اس کے باقی حصے طبع نہ ہو سکے۔ اس میں عام محاورات کے معانی بڑے سلیقے اور خوبی کے ساتھ لکھے گئے ہیں، سند میں مستند شعراء کا کلام پیش کیا گیا ہے

۲۲۶- **پنج زبان صالح**

مؤلف : مولوی شاہ محمد ابو صالح، مضطر کانپوری

مطبع : حمیدیہ اسٹیم پریس، لاہور (طبع اوّل)

صفحات : ۱۴۴ **سائز** : "۶¼×"۹½

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری رام پور (لغت اردو ۶۴)

جس میں عربی، فارسی، انگریزی، اردو، اور ہندی پانچ زبانوں کے ہم معنی الفاظ، فقرے، جملے، محاورے، حکائتیں، ضرب المثلیں اور خط و کتابت کے نمونے درج کیے گئے ہیں۔ اس پر سن اشاعت درج نہیں ہے۔

۲۲۷- **تثلیث اللغات**

مؤلف : منشی چرنجی لال و پنڈت بنسی دھر

سنِ اشاعت : ۱۸۶۰ء

مطبع : جے۔ جے ماشیکل پرنٹرز، بنارس

صفحات : ۲۸۶ سائز : "۸x۶"

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت مختلف ۵۲)

یہ تین زبانوں اردو ہندی اور انگریزی کے مترادفات کی لغت ہے۔ ہر بنیادی اندراج (اردو) کو حروفِ تہجی سے اردو اور ہندی رسم الخط میں لکھا گیا ہے۔ اس کے بعد اس کے ہندی اور انگریزی مترادفات جمع کر دیے گئے ہیں۔

۲۲۸- **تحقیقات الفاظ اردو**

مؤلف : ڈاکٹر سید حامد حسین (مترجم)

سن اشاعت ۱۹۹۴ء

ناشر : خدا بخش اورینٹل پبلک لائبریری، پٹنہ، بہار

مطبع : پاکیزہ آفسیٹ، پٹنہ

صفحات : ۱۲۰ **قیمت** : ۴۰ روپیے

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت مختلف)

مولانا سید سلیمان ندوی کے الفاظ کے ماخذ و مخرج کے بارے میں مفید اشارے جو مختلف مضامین اور تصانیف میں بکھرے ہوئے تھے جمع کرکے ایک تاریخی لغت (Etymological Dictionary) کی شکل میں پیش کیے گئے ہیں۔ جس میں چھ سو سے زیادہ الفاظ کا حروف تہجی سے اندراج ملتا ہے۔

سید صاحب کی تحقیقات کے تین خاص پہلوؤں ۱۔ الفاظ کی اصل، ان کے اصل معانی اور ان کے مشتقات و مرادفات ۲۔ الفاظ کا تاریخی جائزہ اور ۳۔ ناموں کے بارے میں تحقیق اور ان کی تحقیق وغیرہ سے تعلق رکھنے والی ایسی تمام توضیحات کو یکجا کرنے کی کوشش کی گئی ہے جو اردو کے قارئین کے لیے بے حد مفید ہیں۔ مرتب نے اپنی رائے یا مزید معلومات کو ضمیمہ ا کے تحت پیش کیا ہے۔

۲۲۹۔ **تذکیر و تانیث**

مؤلف : حافظ جلیل حسن

سن اشاعت : ۱۹۰۸ء

مطبع : اختر پریس، حیدرآباد، دکن

صفحات : ۳۸۶ **سائز** : "۶½ × ۹½

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور (لغت اردو ۳۲)

اس میں تذکیر و تانیث کا ایک فتاوی مدون کر دیا گیا ہے۔ اردو ادب میں مستعمل سات ہزار الفاظ کی تذکیر و تانیث واضح کی گئی ہے اور سند میں ایسے اشعار پیش کیے گئے ہیں جن کی ردیف یا قافیہ تذکیر و تانیث کو ثابت کرتا ہے۔ شعر نہ ملنے پر استعمال نثر میں بتا دیا گیا ہے۔ کہیں کہیں صرف معنی پر ہی اکتفا کیا گیا ہے مگر اس طرح کہ وہ معنی تذکیر یا تانیث کی تائید کرے۔ جن الفاظ کے معانی میں اختلاف ہے اس کی صراحت تحقیق کے ساتھ کر دی گئی ہے۔ کتاب کے آخر میں ان شعراء کی فہرست ہے جن کا کلام بطور سند پیش کیا گیا ہے۔ نیز عبدالحلیم شرر کا ایک نوٹ درج ہے۔

۲۳۰۔ **تصحیح الاغلاط**

مؤلف : شیخ احمد حسین مذاق

سن اشاعت : ۱۸۹۱ء

مطبع : انوار محمدی، لکھنؤ

صفحات : ۴۸ **سائز** : "۶ × "۹

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور (لغت اردو ۱۳)

اس میں غلط العام الفاظ اور جملے تحقیق کے ساتھ صحیح کیے گئے ہیں ترتیب مندرجہ ذیل ہے۔

لفظ غلط	لفظ صحیح	زبان	معنی
اُفق	اُفُق	عرب	آسمان کا کنارہ، حدِ نگاہ

۲۳۱- **تصحیح الالفاظ**

مؤلف : یوسف بیگ، جادو

سن اشاعت : ۱۸۸۷ء

مطبع : مظہر العجائب مدراس

صفحات : ۴۰ **سائز** : ۸½×۵¼

مخزونہ : صولت پبلک لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۲۸)

غلط العام الفاظ کو ان کے صحیح املے و تلفظ کے ساتھ واضح کیا گیا ہے۔ ہر اندراج کے لیے چار خانے مخصوص کیے گئے ہیں۔ پہلے خانے میں غلط العام لفظ، دوسرے میں اس کی صحیح شکل، تیسرے میں معنی اور چوتھے میں ان لغات کے حوالے درج ہیں جن سے تحقیق میں مدد لی گئی ہے۔ الفاظ کی تحقیق میں نفائس اللغات (ن)، منتخب اللغات (من) غیاث اللغات (غ) اور گلشنِ فیض (گفض) وغیرہ کو زیرِ نظر رکھا گیا ہے۔

۲۳۲- **دکنی فرہنگ**

مؤلف : امیر عارفی

سن اشاعت : ۱۹۷۲ء (بار اوّل)

ناشر : ادبی اکیڈمی، حیدرآباد

مطبع : مطبع ادبی اکیڈمی، حیدرآباد

صفحات : ۸۰ **سائز** : "۴½ × "۷½ **قیمت** : ۵ روپیے

مخزونہ : رامپور رضا لائبریری، رام پور۔ (لغت اردو ۸۱)

دکنی ادب کی چھ اہم مثنویوں گلشنِ عشق، من لگن، قطب مشتری سیف الملوک بدیع الجمال اور طوطی نامہ پر مشتمل ہے۔ ان مثنویوں کی فرہنگ طلباء اور اہلِ ذوق کی دشواریوں کو پیشِ نظر رکھ کر تیار کی گئی ہے۔ لفظ کے جتنے معنی نکلتے ہیں لکھے گئے ہیں۔

۲۳۳۔ ذخیرۂ معلومات

مؤلف : مولوی محمد علی خاں، اثر رامپوری

سن اشاعت: ۱۹۱۶ء

مطبع : ابوالعلائی اسٹیم پریس، آگرہ

صفحات : ۱۱۶+۴ سائز: ۵" × ۸½

